ABC CERTIFIED آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

daily AWAZ NASLE NAU

روزنامہ آوازِ نسلِ نو کوئٹہ

ایڈیٹر:- مصور خان

قیمت: 12روپے

Email: awazenaslenauqta@gmail.cm

جلد نمبر: 14 | منگل 28 اپریل 2026ء 10 ذیقعد 1447ھ | شمارہ نمبر 226

پاکستان مستقبل میں عالمی امن کے قیام میں اہم کردار ادا کریگا، رانا ثناء اللہ

پاکستان ترقی یافتہ ملک کے طور پر ابھریگا، پاکستان آج دنیا میں عزت و وقار کے مقام پر کھڑا ہے، بڑی طاقتیں بھی پاکستان کا احترام کرتی ہیں

تاریخ گواہ ہے نفرت کی سیاست کرنے والے کبھی کامیاب نہیں ہوتے، آخرکار عوام کے سامنے بے نقاب ہو جاتے ہیں، عوامی اجتماع سے خطاب

فیصل آباد (اے این این) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی وعوامی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ خاں نے کہا ہے کہ کسی بھی ملک یا معاشرے کی پائیدار اور ہمہ جہت ترقی کا دارومدار جدید اور منظم انفراسٹرکچر خصوصاً سڑکوں کے مضبوط نظام پر مبنی ہوتا ہے جبکہ نفرت، انتشار اور گالی گلوچ کی سیاست کرنیوالے عناصر نہ صرف خود ناکام ہوتے ہیں بلکہ معاشرے کو بھی پیچھے دھکیلنے کا سبب بنتے ہیں۔ انہوں نے فیصل آباد اپنے حلقہ میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے ایک بڑے (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2پر)

وزیراعظم کا ایس این جی پی ایل کیخلاف پیپرا قواعد کی خلاف ورزی کی شکایت کا نوٹس

تحقیقات میں اگر شکایت کی تصدیق ہو تو ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے، شہباز شریف کی ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے ایس این جی پی ایل کیخلاف پیپرا قواعد کی خلاف ورزی کی شکایت کا نوٹس لے لیا۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے ٹرانسپرینسی انٹرنیشنل پاکستان کی ایس این جی پی ایل کیخلاف پیپرا قواعد کی خلاف ورزی کی شکایت کا نوٹس لے لیا، متعلقہ حکام کو ہدایت کی تحقیقات میں اگر شکایت (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2پر)

26 نومبر احتجاج، 29 مقدمات میں بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں توسیع

راولپنڈی (جی این ایم) انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے 26 نومبر کے احتجاج سے متعلق درج 29 مقدمات میں بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں 18 مئی تک توسیع کر دی۔ کیس کی سماعت جج امجد (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2پر)

لاہور تا راولپنڈی ٹریک پر کام جاری، سفر 2 گھنٹے 20 منٹ میں ہوگا، وزیر ریلوے

روہڑی ٹریک پر بھی کام جاری ہے اور ستمبر تک اس پر کام ہو جائے گا، حنیف عباسی

لاہور (جی این ایم) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ لاہور اور راولپنڈی کا ٹریک تیار کر رہے ہیں جس کے لیے میٹنگ جاری ہے، نئے ٹریک پر دو گھنٹے 20 منٹ میں لاہور سے راولپنڈی کا سفر ہوگا۔ لاہور ریلوے ہیڈکوارٹر میں ریزرویشن آفس کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر ریلوے نے کہا کہ روہڑی ٹریک پر بھی (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے خزانہ اور ریونیو، سینیٹر محمد اورنگزیب ای سی سی (ECO) کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کی قیمتی پتھروں کی برآمدات بڑھانے کیلئے جامع لائحہ عمل کی ہدایت

سینٹرز آف ایکسیلینس کے قیام میں مکمل شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ بین الاقوامی معیار کی پراسیسنگ اور کٹائی کے ذریعے پاکستانی مصنوعات کو عالمی منڈیوں میں نمایاں مقام دلایا جا سکے، وزیراعظم کی ہدایت

وزارت منصوبہ بندی قیمتی پتھروں کی صنعت کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور برآمدی اہداف حاصل کرنے کے لیے فوری طور پر جامع لائحہ عمل مرتب کر کے پیش کرے تاکہ معاشی ترقی کا ہدف حاصل ہو سکے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان قیمتی پتھروں سمیت قدرتی وسائل کی دولت سے مالا مال ہے، یہ ایک ایسا شعبہ ہے جس میں مقامی وسائل سے برآمدات میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ وزیراعظم کی زیرصدارت پاکستان میں قیمتی پتھروں کی کان کنی و پراسیسنگ کی بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگی اور انکی برآمدات میں اضافے کے لیے ملک میں 3 سینٹر آف ایکسیلینس کے قیام پر جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے قیمتی پتھروں سمیت قدرتی وسائل کی دولت سے مالا مال کیا ہے، یہ ایک ایسا شعبہ ہے جس میں مقامی وسائل سے برآمدات میں اضافہ کیا جا سکتا ہے، معاون خصوصی ہارون اختر اور انکی ٹیم کے شعبے کی ترقی کیلئے (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2پر)

سڑکوں کے جال کی توسیع حکومت کی اولین ترجیح ہے، میر سلیم کھوسہ

میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے تحت دور دراز اور پسماندہ علاقوں کو مرکزی شاہراہوں سے منسلک کیا جا رہا ہے، وزیر مواصلات

متعدد اہم شاہراہوں کی تعمیر و مرمت پر تیزی سے کام جاری ہے، جن کی تکمیل سے نہ صرف عوام کو سہولت ملے گی بلکہ تجارتی سرگرمیوں میں بھی نمایاں اضافہ ہوگا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ حکومتِ بلوچستان صوبے بھر میں جدید سڑکوں کے جال کی توسیع اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے، تاکہ عوام کو سفری سہولیات میں بہتری کے ساتھ ساتھ معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ دیا جا سکے، یہ بات انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2پر)

اسٹیشنز، یارڈز اور تنصیبات حساس قرار، خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا انتباہ

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ریلوے حدود میں بغیر اجازت ویڈیو، فوٹوگرافی اور رپورٹنگ پر مکمل پابندی

کوئٹہ (یواین اے) محکمہ ریلوے کی جانب سے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر اہم اور سخت ہدایات جاری کر دی گئی ہیں، جن کے تحت ریلوے سے متعلق کسی بھی قسم کی خبر، فوٹوگرافی، ویڈیوگرافی اور منظرکشی کو بغیر پیشگی اجازت جرم قرار دے دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق ان اقدامات کا مقصد قومی اثاثوں کا تحفظ اور ریلوے تنصیبات کی سیکیورٹی کو یقینی بنانا ہے۔ ریلوے حکام نے واضح کیا ہے کہ تمام ریلوے اسٹیشنز، پلیٹ فارمز، یارڈز اور دیگر آپریشنل تنصیبات کو حساس قرار دے دیا گیا ہے، جہاں بغیر اجازت داخلہ مکمل طور پر (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2پر)

بلوچستان حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مکمل پرعزم ہے، سرفراز بگٹی

بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے تحت 3 لاکھ 45 ہزار مریضوں کو علاج کی سہولیات فراہم کی گئیں، عوام کو مفت اور معیاری علاج کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے

صحت کارڈ پروگرام سے اب تک 3 لاکھ 45 ہزار مریضوں کو مفت علاج فراہم کیا گیا صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں مزید بہتری اور سہولیات کے فروغ کے لئے پرعزم ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام سے عوام کو مفت اور معیاری علاج کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے، شہریوں کی آسانی کیلئے ہر شہری کا شناختی کارڈ ہی اس کا ہیلتھ کارڈ قرار دیا گیا ہے، نہ صرف بلوچستان میں بلکہ ملک کے بڑے اور پرائیویٹ ہسپتالوں کے نیٹ ورک کو صحت کارڈ میں شامل کیا (بقیہ اندرونی صفحہ 2پر)

ہزار گنجی بس ٹرمینل کی نیلامی کے خلاف کیس کی سماعت، فریقین کو نوٹسز جاری

کیو ڈی اے کو جواب دعویٰ کیلئے مہلت، آئندہ سماعت 12 مئی مقرر، امین اللہ غرشین ایڈوکیٹ نے پیروی کی

کوئٹہ (یواین اے) معزز سینئر سول جج سریاب کی عدالت میں کوئٹہ کراچی بس ٹرمینل ہزار گنجی کی اراضی کی نیلامی کے خلاف دائر مقدمہ کی سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران ٹرانسپورٹرز کی جانب سے امین اللہ غرشین ایڈوکیٹ عدالت میں پیش ہوئے جبکہ آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے سیکرٹری جنرل حاجی میرا اکبر لہڑی دیگر ساتھیوں کے ہمراہ کمرہ عدالت میں موجود تھے۔ دوران سماعت کیو ڈی اے کے وکیل نے عدالت سے جواب دعویٰ داخل کرنے (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان کو ڈیجیٹل لیب کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے

جھل مگسی رشتہ کے تنازع پر تصادم، 6 افراد زخمی، 3 کی حالت نازک

خاصخیلی برادری کے دو گروپ آمنے سامنے، ڈنڈوں اور پتھروں کا استعمال، پولیس کی بروقت کارروائی

جھل مگسی (یواین اے) جھل مگسی کی تحصیل گنداواہ کے علاقے کوٹڑہ میں رشتہ کے تنازع پر خاصخیلی برادری کے دو گروپوں کے درمیان شدید تصادم پیش آیا، جس کے نتیجے میں کم از کم 6 افراد زخمی ہو گئے، جن میں سے 3 کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب دونوں گروپوں کے درمیان رشتہ کے معاملے پر تلخ (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2پر)

حکومت عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، بخت محمد

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں صحت کے نظام کو مضبوط اور مؤثر بنایا جا رہا ہے

کوئٹہ (اے ین این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومتِ بلوچستان عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، اور بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام اس سلسلے میں ایک انقلابی اقدام ثابت ہو رہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں صحت کے نظام کو مضبوط اور مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ اس پروگرام کے تحت اب تک 3 لاکھ 45 ہزار سے زائد مریضوں کے داخلے ریکارڈ کیے جا چکے ہیں، جبکہ ہزاروں افراد مختلف پیچیدہ بیماریوں کے علاج سے مستفید ہو رہے ہیں، یہ بات انہوں نے مختلف وفود (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2پر)

26 نومبر احتجاج کیس، علیمہ خان کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور

راولپنڈی (جی این ایم) راولپنڈی کی انسداد دہشتگردی عدالت میں 26 نومبر احتجاج سے متعلق تھانہ صادق آباد کیس کی سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران وکیل صفائی نے ملزمہ علیمہ خان کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی، جسے عدالت نے منظور کر لیا، کیس کی سماعت جج امجد علی شاہ نے کی۔ عدالت نے علیمہ خان کے خلاف کیس کی مزید سماعت 4 مئی تک ملتوی کرتے ہوئے آئندہ (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2پر)

کشمیر صرف سرحدی تنازعہ نہیں بلکہ انسانیت کا امتحان ہے، مشعال ملک

یہ منظر صرف ایک واقعہ نہیں، بلکہ کشمیر کے ہزاروں بچھڑے ہوئے خاندانوں کی کہانی ہے

اسلام آباد (یواین اے) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال حسین ملک نے کہا ہے کہ کشمیر صرف سرحدی تنازعہ نہیں بلکہ انسانیت کا امتحان ہے، دنیا اس کو سمجھے۔ یہاں جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ کیسی بے بسی ہے کہ ایک بہن چند قدموں پر کھڑی ہو مگر اپنے بھائی کے جنازے میں شریک نہ سکے، اس کا آخری دیدار بھی نہ کر سکے۔ انہوں نے (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2پر)

مشرق وسطی تنازع، عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت میں 2 فیصد سے زائد کا اضافہ

لندن (جی این ایم) مشرق وسطی میں غیریقینی کے منفی اثرات کے باعث عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں 2 فیصد سے زائد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ برینٹ خام تیل کی قیمت بڑھ کر 107 ڈالر فی بیرل تک جا پہنچی جب کہ ڈبلیو ٹی آئی کی قیمت 96 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ اس سے پہلے بھی امریکا (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2پر)

ایران کی آبنائے ہرمز کھولنے، جنگ کے خاتمے کیلئے نئی تجاویز امریکا کو موصول

جوہری مذاکرات کو بعد کے مرحلے تک موخر کیا جائے، تجویز، وائٹ ہاؤس کی تصدیق

تہران، واشنگٹن (جی این ایم) امریکہ کے ساتھ جاری کشیدگی کے دوران ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے اور جنگ کے خاتمے کیلئے نئی تجاویز پیش کر دیں جن میں جوہری مذاکرات کو بعد کے مرحلے تک موخر کرنے کی بات کی گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی حکام اور باخبر ذرائع کے مطابق یہ تجویز ایسے وقت سامنے آئی ہے جب دونوں ممالک (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2پر)

وفاقی آئینی عدالت میں پاسپورٹ امیگریشن رولز کی کالعدم دفعات بحال

حکومت کو شہریوں کے پاسپورٹ غیر فعال قرار دینے کا اختیار مل گیا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی آئینی عدالت نے پاسپورٹ اینڈ امیگریشن رولز کی کالعدم دفعات کو بحال کر دیا۔ وفاقی آئینی عدالت نے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کرتے ہوئے حکومتی اپیل قابل سماعت قرار دے دی۔ دفعات بحالی سے شہریوں (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2پر)

پاکستان میں سیٹلائٹ انٹرنیٹ کی منظوری آخری مرحلے میں داخل

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروس کے آغاز کیلئے ریگولیٹری فریم ورک تیاری کے آخری مراحل میں داخل ہو گیا۔ حکام کے مطابق یہ فریم ورک قومی سلامتی، اسپیکٹرم مینجمنٹ اور سیکیورٹی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2پر)

کراچی: قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان کراچی میں معروف تاجر احمد چنائے کی جانب سے دیے گئے استقبالیہ میں شرکت کر رہے ہیں

پاکستان کیلئے قرض پروگرام کے تحت اگلی قسط کی منظوری

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کیلئے قرض پروگرام کے تحت اگلی قسط کی منظوری دیدی۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق قرض منظوری کیلئے آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کا اہم اجلاس 8 مئی کو طلب کر لیا گیا، ایگزیکٹو بور (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2پر)

ڈاکٹر مصدق ملک کی جی جی جی آئی کی کنٹری نمائندہ سے ملاقات

ملاقات میں پاکستان میں گرین گروتھ کے فروغ کیلئے عالمی تعاون پر زور

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے گلوبل گرین گروتھ انسٹیٹیوٹ (جی جی جی آئی) کی نیپال و پاکستان کے لئے کنٹری نمائندہ لورا ایالوسیوکی سے یہاں ملاقات کی۔ پیر کو وزارتِ موسمیاتی (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2پر)

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی ریلوے ہیڈکوارٹرز لاہور میں قائم ماڈرنائزیشن آفس اور ڈیجیٹل سینٹرل کنٹرول کے آفس کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

اسلام آباد کا دورہ نتیجہ خیز رہا، بہت مفید مشاورت ہوئی، ایرانی وزیر خارجہ

پاکستانی حکام کے ساتھ بات چیت میں ان مخصوص حالات کا جائزہ لیا گیا جن کے تحت ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات جاری رہ سکتے ہیں

روسی صدر کے ساتھ ان کی آج کی ملاقات جنگ میں پیشرفت پر تبادلہ خیال کرنے اور تازہ ترین صورتحال کا جائزہ لینے کا ایک اچھا موقع ہوگا، عباس عراقچی

ماسکو (جی این ایم) ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ اسلام آباد کا دورہ نتیجہ خیز رہا جہاں پاکستان حکام کے ساتھ بہت مفید مشاورت ہوئی۔ عالمی میڈیا کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ نے سینٹ پیٹرز برگ پہنچنے کے بعد میڈیا سے گفتگو میں پاکستان اور عمان کے اپنے حالیہ دوروں کا ذکر کیا، ارنا نیوز ایجنسی نے رپورٹ کیا کہ عباس عراقچی نے کہا کہ ان کا اسلام آباد کا دورہ بہت نتیجہ خیز تھا اور اس (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2پر)

مدارس رجسٹریشن کی آڑ میں چھاپے، گرفتاریاں اور زور زبردستی اور دھونس ہرگز قبول نہیں، جمعیت

جمعیت کے اکابرین کے عظیم نظریاتی فکر و سوچ کی ورثہ ہے عوام نے جمعیت کے ساتھ کندھا ملا کر سیاست کی ہے، مرکزی رہنماء ملک سکندر ایڈووکیٹ

امپورٹڈ حکومت نے مہنگائی کی ستائی عوام پر پیٹرولیم مصنوعات کا ایٹم بم گرا کر ملک و قوم کو ہر لحاظ سے تباہی کی دہانی پر پہنچا دیا تین گنا ہوشربا اضافہ سے قوم کا جو حشر کیا ہے تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سکرٹری سابق اسپیکر اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے اس ملک میں ہمیشہ اصولی اور نظریاتی سیاست کی جمعیت کا سیاست اس ملک میں امتیاز رہا ہے کہ اقتدار اور ذاتی مفادات کا حصول کبھی ہدف نہیں رہا جمعیت کے اکابرین کے عظیم نظریاتی فکر و سوچ کی ورثہ ہے انہوں نے کہا کہ عوام نے جمعیت کے ساتھ کندھا ملا (بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کو اسپیشلائزڈ ٹریننگ کورس میں شامل زیر تربیت ڈی ایس پی نیشنل پولیس اکیڈمی کی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

محکمہ ٹرانسپورٹ بلوچستان کا بسوں میں ٹریکر نصب کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (جی این ایم) محکمہ ٹرانسپورٹ بلوچستان نے لانگ روٹ بسوں میں ٹریکر نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے بیان کے مطابق شاہراہوں پر حادثات کی روک تھام کے لئے جدید نظام متعا (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2پر)

جدید پولیسنگ اور پبلک سروس کو یقینی بنانے کیلئے ہمیں اپنے تفتیش کے نظام کو مستحکم بنانا ہوگا، آئی جی پولیس

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور ان کے مسائل کا بلاتاخیر ازالہ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے، محمد طاہر کا بات چیت

کوئٹہ (اے این این) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ جدید پولیسنگ اور پبلک سروس کو یقینی بنانے کیلئے ہمیں اپنے تفتیش کے نظام کو مستحکم بنانا ہوگا خود احتسابی اور انفرادی کردار سے بھی معاشرے میں جرائم کا خاتمہ ممکن ہے۔ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور ان کے مسائل کا بلاتاخیر ازالہ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس مقدس فریضے (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ، نظریاتی کونسل کے رائے دینے کے اختیار سے متعلق کیس میں فیصلہ محفوظ

عدالت انجینئر محمد علی مرزا کے ٹرائل کورٹ کے سامنے کیس پر کوئی رائے نہیں دے رہی، جسٹس محسن اختر کیانی کے ریمارکس

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے اس سوال پر کہ نظریاتی کونسل کو کس حد تک رائے دینے کا اختیار ہے؟ فریقین کے دلائل کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ دوران سماعت ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ کوئی قانون بننے سے پہلے اسلامی نظریاتی کونسل اپنی رائے دے سکتی ہے تاکہ کوئی قانون قرآن وسنہ کے خلاف نا ہو۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے ریمارکس دیئے کہ آپ بھی وہی بات کر رہے ہیں جو ڈاکٹر اسلم خاکی کر رہے ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے موقف اپنایا کہ انجینئر محمد علی مرزا کا معاملہ ٹرائل کورٹ کے سامنے ہے اس پر کوئی رائے (بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2پر)

ای سی سی کا اجلاس، مہنگائی میں کمی اور قیمتوں میں استحکام پر اظہارِ اطمینان

اسلام آباد (اے این این) اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کا اجلاس میں مہنگائی کی شرح میں کمی اور قیمتوں میں استحکام پر اظہارِ اطمینان کیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیرصدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اہم اجلاس ہوا جس کے بعد باقاعدہ اعلامیہ بھی جاری کیا گیا۔ اعلامیہ میں بتایا گیا کہ (بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2پر)

چمن، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا احسن اقدام، پسماندہ علاقوں میں تین نئے بی ایچ یو قائم

عوام کو دہلیز پر طبی سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے، نئے مراکز سے دور دراز علاقوں کے طبی مسائل حل ہوں گے، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

چمن (یواین اے) دور دراز علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے اسپیکر بلوچستان اسمبلی، کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کا اہم اقدام اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے چمن کے پسماندہ اور دور دراز (بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2پر)

صدر مملکت کا دورہ چین، پاکستان اور چین کے درمیان 3 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

چانگشا (جی این ایم) پاکستان اور چین کے اداروں کے درمیان 3 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کئے گئے۔ چین کے صوبے ہونان کے شہر چانگشا میں ایم او یوز پر دستخط کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، صدر مملکت آصف (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2پر)

بلوچستان میں ڈھائی سالہ اقتدار فارمولہ دوبارہ زیر بحث

سیاسی حلقوں میں قیاس آرائیاں، حکومت کی مدت اور ممکنہ تبدیلی پر سوالات

کوئٹہ / جیکب آباد (اے این این) بلوچستان میں ڈھائی سالہ اقتدار فارمولہ دوبارہ زیر بحث، سیاسی حلقوں میں قیاس آرائیاں، حکومت کی مدت اور ممکنہ تبدیلی پر سوالات۔ اہم ذرائع کے مطابق بلوچستان کی سیاست میں ایک بار پھر ماضی کا ڈھائی سالہ اقتدار فارمولہ زیر بحث آ گیا ہے جس کے تحت صوبے میں حکومتوں کی مدت کو غیر رسمی طور پر تقسیم (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2پر)

عوام کے مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے، زرک مندوخیل

صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے مثبت اثرات سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے، اور وہ اپنے حلقے کے عوام کی خدمت کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں صوبے میں جاری 3 (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2پر)

شیر افضل مروت کا سہیل آفریدی کے بطور وزیراعلیٰ انتخاب کو چیلنج کرنیکا اعلان

پشاور (جی این ایم) قومی اسمبلی کے رکن شیر افضل مروت نے سہیل آفریدی کے بطور وزیراعلیٰ انتخاب کو چیلنج کرنے کا اعلان کر دیا۔ اپنے ایک بیان میں شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کی تباہی اور خراب گورننس کا حشر زبان زد عام ہے۔ انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور کو میرے چیلنج کرنے کا معلوم ہوا تو انہوں نے کہا ایسا نہیں کرنا، میں علی امین (بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2پر)

جنگیں اور وسائل کی لوٹ مار انسانیت کے مستقبل کی چوری ہیں، پوپ لیو

ایٹمی توانائی کا استعمال انتہائی ذمہ داری اور دانشمندی کے ساتھ ہونا چاہئے، خطاب

ویٹی کن سٹی (جی این ایم) کیتھولک مسیحیوں کے روحانی پیشوا پوپ لیو نے کہا ہے کہ جنگیں چھیڑنے اور زمین کے وسائل پر قبضہ کرنے والے دراصل انسانیت کے پرامن مستقبل کو چھین رہے ہیں۔ چرنوبل ایٹمی حادثے کی 40ویں برسی کے موقع پر اپنے خطاب میں پوپ لیو نے خبردار کیا کہ ایٹمی توانائی کا استعمال انتہائی ذمہ داری اور دانشمندی کے (بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ، 6 سالہ بچے کے اغوا میں سگی خالہ ملوث نکلی

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ سے بازیاب کروائے گئے 6 سالہ مغوی بچے کی بازیابی کے حوالے سے تحقیقات میں پیشرفت سامنے آئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بچے کے اغوا میں ملوث گرفتار ملزمہ اس کی سگی (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2پر)

کسی بھی شہری کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کرنے کا حکومتی اختیار بحال

اپنے فیصلے میں عدالت نے پاسپورٹ اینڈ امیگریشن رولز کی ان دفعات کو بحال کر دیا ہے جنہیں پہلے کالعدم قرار دے دیا گیا تھا

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی آئینی عدالت نے کسی بھی شہری کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کرنے کا حکومتی اختیار بحال کر دیا، لاہور ہائیکورٹ کے سابقہ فیصلے کو معطل کرتے ہوئے حکومت کی اپیل باقاعدہ سماعت کے لیے منظور کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت میں اس کیس کی سماعت جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں 2 (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2پر)

اسحاق ڈار کا کینیڈین ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ، خطے کی صورتحال پر گفتگو

امن و استحکام کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا، پاکستان نے مذاکرات اور سفارتکاری کے فروغ کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (اے این این) وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی کینیڈین ہم منصب انیتا آنند سے ٹیلیفونک گفتگو ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق خطے کی تازہ صورتحال اور امن و استحکام کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا، پاکستان نے مذاکرات اور سفارتکاری کے (بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2پر)

قزاقوں کا جہاز پر قبضہ، مغوی پاکستانیوں کا حکومت سے فوری مدد کا مطالبہ

کراچی (جی این ایم) بحری جہاز آنر 25 پر صومالی قزاقوں کے قبضے کے بعد سے 11 پاکستانی افراد یرغمال ہیں، جن کے اہل خانہ نے حکومت سے فوری مدد کا مطالبہ کیا ہے۔ متاثرہ خاندانوں کا کہنا ہے کہ قزاقوں کے قبضے کے بعد سے رابطہ منقطع ہو چکا ہے، جہاز عمان سے صومالیہ جا رہا تھا، راستے میں اغوا ہوا، حکومت کی جانب سے تاحال کوئی مدد نہیں ملی، گورنر سندھ نے فون پر رابطہ کر کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

پشین، کلی حرمزئی پولیس چوکی پر دہشت گردوں کا حملہ، حوالدار نعمت اللہ شہید

پولیس کی بھاری نفری نے علاقے کو گھیرے میں لے کر حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی

پشین (یواین اے) کلی حرمزئی میں واقع پولیس چوکی پر نامعلوم دہشت گردوں نے اچانک حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق فائرنگ کے اس واقعے میں شہید ہونے والے اہلکار کی شناخت حوالدار نعمت اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ حملے کے فوراً بعد حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، جن کی گرفتاری کے لیے پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی ہے۔ واقعے کے بعد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری کلی حرمزئی پہنچ گئی اور پورے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بیوٹمز یونیورسٹی میں سہولیات کی مضبوطی سینٹر کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں

انگور اڈہ زلول خیل میں افغان اشتعال انگیزی، پاک فوج کی بروقت کارروائی، متعدد پوسٹیں تباہ

آپریشن غضب للحق کی موثر کارروائیوں کے بعد افغان طالبان شکست کی بوکھلاہٹ میں سول آبادی کو نشانہ بنانے لگے

افغان طالبان کی سول آبادی پر فائرنگ، 2 خواتین سمیت 3 شہری زخمی، ہسپتال منتقل کر دیا گیا، اہل علاقہ کی مذمت

پشاور (جی این ایم) افغانستان کی جانب سے انگور اڈہ زلول خیل میں اشتعال انگیزی کی گئی جس پر پاک فوج نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے متعدد پوسٹیں تباہ کر دیں۔ رپورٹس کے مطابق جنوبی وزیرستان میں پاک فوج کی بروقت اور چوکس (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2پر)

ABC CERTFIED آوٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily Awaz Nasal Nau Quetta

روزنامہ آوازنسل نو کوئٹہ

قیمت 12 روپے

ایڈیٹر:۔ مصور خان

EMAIL: awazenaslenauqta@gmail.com

پرنٹر پبلشر نے یونائیٹڈ پرنٹر سے چھپوا کر آفس روزنامہ آوازنسل نو کوئٹہ آفس نمبر 10A انڈر گراونڈ یونیوسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

ملک مثبت سمت میں آگے بڑھ رہا ہے، مصطفیٰ کمال

وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک میں صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کیلئے موثر اقدامات کیے جارہے ہیں اور عوام کو بیماریوں سے بچانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ مصطفیٰ کمال نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بنیادی صحت کے نظام کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے جبکہ صحت کے شعبے میں عالمی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام جاری ہے، ہیلتھ کیئر کا اصل مقصد لوگوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنا ہے۔ وفاقی وزیر نے تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو صحت کے نظام پر بڑا بوجھ قرار دیتے ہوئے کہا کہ آبادی میں اضافہ قابو میں لانا ناگزیر ہو چکا ہے، انہوں نے خبردار کیا کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث ہسپتالوں میں مریضوں کا رش مسلسل بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں، متوازن غذا اپنائیں اور صحت مند طرزِ زندگی کو فروغ دیں تاکہ بیماریوں سے بچا جا سکے۔ وفاقی وزیر صحت نے ملکی قیادت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور نائب وزیر اعظم کی کوششوں سے پاکستان عالمی سطح پر توجہ حاصل کر رہا ہے، آج دنیا پاکستان کی طرف دیکھ رہی ہے اور ملک مثبت سمت میں آگے بڑھ رہا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان نے عالمی سطح پر امن کے قیام میں بھی کردار ادا کیا اور انسانی جانوں کے تحفظ میں اہم خدمات انجام دی ہیں۔ وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک میں صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کیلئے موثر اقدامات کیے جارہے ہیں اور عوام کو بیماریوں سے بچانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ مصطفیٰ کمال نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بنیادی صحت کے نظام کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے جبکہ صحت کے شعبے میں عالمی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام جاری ہے، ہیلتھ کیئر کا اصل مقصد لوگوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنا ہے۔ وفاقی وزیر نے تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو صحت کے نظام پر بڑا بوجھ قرار دیتے ہوئے کہا کہ آبادی میں اضافہ قابو میں لانا ناگزیر ہو چکا ہے، انہوں نے خبردار کیا کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث ہسپتالوں میں مریضوں کا رش مسلسل بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں، متوازن غذا اپنائیں اور صحت مند طرزِ زندگی کو فروغ دیں

بقیہ / آوازنسل نو 1

منصوبے کے افتتاح کے موقع پر عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں ترقیاتی منصوبے اکثر محدود پیمانے پر کیے جاتے رہے، کہیں ایک کلومیٹر سڑک بن گئی، کہیں دو یا تین کلومیٹر، لیکن اس طرح کے غیر مربوط منصوبے عوامی ضروریات کو مکمل طور پر پورا نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ اب حکومت کی حکمت عملی یہ ہے کہ پورے حلقے کو ایک جامع اور مربوط سڑکوں کے جال سے منسلک کیا جائے تاکہ ہر گاؤں کے رہائشیوں کو یکساں سہولیات میسر آئیں اور وہ با آسانی شہروں تک رسائی حاصل کر سکیں۔ سینیٹر رانا ثناء اللہ خاں نے کہا کہ دنیا کی ترقی کی رفتار ہمیشہ ذرائع آمدورفت سے جڑی رہی ہے۔ انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ جب دنیا گھوڑوں، خچروں اور اونٹوں پر سفر کرتی تھی تو ترقی کی رفتار بھی محدود تھی، لیکن آج جب دنیا ہوائی جہازوں کے ذریعے سفر کر رہی ہے تو ترقی کی رفتار بھی اسی قدر تیز ہو چکی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ سڑکوں کے بغیر ترقی کا تصور بھی ممکن نہیں اور یہی وجہ ہے کہ موجودہ حکومت اس شعبے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے جاری ترقیاتی منصوبے کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے کہا کہ تقریباً 30 کلومیٹر طویل ایک اہم سڑک تعمیر کی جارہی ہے جو مختلف چکوں اور دیہات کو آپس میں ملاتے ہوئے مرکزی شاہراہوں سے منسلک کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ تقریباً 85 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا جارہا ہے اور اس کی کارپٹنگ میں اعلیٰ معیار کا میٹریل استعمال کیا جائے گا تاکہ سڑک کم از کم آئندہ 10 برس تک بہترین حالت میں رہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس سڑک کو اس انداز میں ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ یا تو دیہات کے اندر سے گزرے گی یا ان کے قریب سے جبکہ باقی ماندہ دیہات کو لنک روڈز کے ذریعے اس شاہراہ سے جوڑا جائے گا جس سے پورے حلقے میں آمدورفت کا نظام یکساں طور پر بہتر ہو جائے گا۔ رانا ثناء اللہ خاں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ خدمت اور ترقی کی سیاست کو فروغ دیا ہے اور ملک میں جتنے بھی بڑے ترقیاتی منصوبے نظر آتے ہیں، خواہ وہ ہسپتال ہوں، یونیورسٹیاں، فلائی اوورز، انڈر پاسز یا موٹرویز، ان کا سہرا اسی جماعت کی قیادت کے سر جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مخالفین نے اپنے دور اقتدار میں عوامی فلاح و بہبود کے لیے کوئی نمایاں کام نہیں کیا اور صرف الزام تراشی، جھوٹے پروپیگنڈے اور عوام کو آپس میں لڑانے کی سیاست کو فروغ دیا۔ انہوں نے سخت الفاظ میں کہا کہ جو لوگ خدمت کے جذبے سے عاری ہوتے ہیں وہ نفرت، گالی گلوچ اور انتشار کو ہوا دیتے ہیں تاکہ اپنی ناکامیوں کو چھپا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ نفرت کی سیاست کرنے والے کبھی کامیاب نہیں ہوتے اور آخرکار عوام کے سامنے بے نقاب ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے امن و امان کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی آئی ہے اور عوام کو پہلے کی نسبت زیادہ محفوظ ماحول میسر آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ڈکیتیوں اور جرائم کے واقعات نے عوام کو خوفزدہ کر رکھا تھا لیکن اب صورتحال کافی حد تک بہتر ہو چکی ہے اور حکومت مزید بہتری کے لیے مسلسل اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے ''ستھرا پنجاب'' پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ صفائی کے نظام میں نمایاں بہتری آئی ہے اور اب وہ علاقے بھی اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں جہاں ماضی میں صفائی کا کوئی موثر نظام موجود نہیں تھا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ آنے والے دنوں میں اس پروگرام کے مزید مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔ زرعی شعبے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے متعدد اقدامات کر رہی ہے جن میں گرین ٹریکٹر سکیم، بلاسود قرضوں کی فراہمی اور جدید زرعی مشینری کی تقسیم شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ عالمی سطح پر مہنگائی اور معاشی دباؤ کے باعث کسانوں اور عام آدمی کو مشکلات کا سامنا ہے تاہم حکومت ان مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے اور حالات بتدریج بہتر ہوں گے۔ رانا ثناء اللہ خاں نے عالمی منظرنامے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آج دنیا میں عزت و وقار کے مقام پر کھڑا ہے اور بڑی طاقتیں بھی پاکستان کا احترام کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم دنیا کے ممالک کے درمیان اختلافات کے باوجود پاکستان ایک ایسا ملک ہے جس پر سب کا اتفاق ہے اور جس کی قیادت کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عزت اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہے اور اس کے حصول میں قوم

کی دعائیں، اعتماد اور قیادت کی نیک نیتی شامل ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ پاکستان مستقبل میں عالمی امن کے قیام میں اہم کردار ادا کرے گا اور ایک ترقی یافتہ ملک کے طور پر ابھرے گا۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ منفی پروپیگنڈے سے بچیں، اپنی سوچ کو مثبت رکھیں، اتحاد کا مظاہرہ کریں اور ملک کی ترقی کے لیے حکومت کے ساتھ تعاون کریں کیونکہ قومی یکجہتی ہی پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔

بقیہ / آوازنسل نو 2

کام جاری ہے اور ستمبر تک اس پر کام ہو جائے گا، 14 اگست کو پیپلز ٹرین کا افتتاح کرنے جا رہے ہیں۔ حنیف عباسی نے کہا کہ اس وقت پاکستان ریلویز میں کوئی کام ایسا نہیں جو نہ ہو رہا ہو، پاکستان ریلویز کا مسئلہ سب کو پتہ ہے، سب سے بڑا مسئلہ ریلوے ٹریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم ایل ون کی بات ہوتی ہے اس پر تمام صوبوں کے پاس گئے ہیں، تمام صوبوں کو ساتھ ملا کر چل رہے ہیں، وزیراعلیٰ سندھ بھی جلد ایم او یو پر دستخط کرنے جا رہے ہیں۔ حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلویز کو ڈیجیٹلائز کرنے کا ٹاسک ہمیں وزیراعظم پاکستان نے دیا، آج جو کنٹرول روم ہے یہ اسٹیٹ آف دی آرٹ ہے، اس کے علاوہ 7 مزید روم بھی بنائے جائیں گے اور ایف ڈبلیو او بھی اس میں ہمارے ساتھ کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی، لاہور اور ملتان میں اسٹیشن بننے جا رہے ہیں، تمام بڑے اسٹیشنز پر وائی فائے لگانے جا رہے ہیں، مارکیٹ ڈیپارٹمنٹ کو بدل رہے ہیں جبکہ آٹو وہیکل کو ٹرانسپورٹ کرنے پر کام کر رہے ہیں۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ عوام ایکسپریس کے نئے ریک نکلنے جا رہے ہیں، پشاور کے لیے عوامی ایکسپریس 30 مئی سے جدید کردی جائے گی اور نئی کوچز لگائی جائیں گی۔

بقیہ / آوازنسل نو 3

علی شاہ نے کی، جس میں بشریٰ بی بی اپنے وکیل فیصل ملک اور لیگل ٹیم کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئیں۔ سماعت کے دوران تفتیشی افسران کی عدم دستیابی کے باعث کارروائی کو آگے نہ بڑھایا جا سکا، جس پر عدالت نے کیس کی سماعت ملتوی کر دی۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر تفتیشی افسران کی حاضری یقینی بنانے کی ہدایت بھی جاری کی ہے۔

بقیہ / آوازنسل نو 4

کی تصدیق ہو تو ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو ٹینڈرز میں پیپرا قوانین کیخلاف ورزی کی شکایت کی تحقیقات کی ہدایت کردی، کہا ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل پاکستان کی جانب سے ارسال شکایت پر شفاف تحقیقات کی جائیں۔

بقیہ / آوازنسل نو 5

اقدامات قابل ستائش ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ سینٹرز آف ایکسیلینس کے قیام میں شفافیت کے عنصر کو اہمیت دی جائے۔ معاون خصوصی ہارون اختر اور انکی ٹیم کے شعبے کی ترقی کیلئے اقدامات قابل ستائش ہیں، سینٹرز آف ایکسیلینس کے قیام میں شفافیت کے عنصر کو اہمیت دی جائے۔ وزیراعظم نے پاکستانی قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ کے بعد برآمدات میں اضافے کیلئے لائحہ عمل مرتب کرنے کی ذمہ داری وزارت منصوبہ بندی کو سونپ دی۔ وزارت منصوبہ بندی جلد جامع لائحہ عمل مرتب کرکے وزیراعظم کو پیش کرے گی۔ اجلاس کو قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ اور کان کنی کے جدید طریقوں کو رائج کرنے کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ قیمتی پتھروں کی کٹائی، تراش خراش اور انہیں زیورات میں مزین کرنے کے قابل بنانے کے حوالے سے حکومت تین سینٹرز آف ایکسیلینس کا قیام عمل میں لارہی ہے۔ گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر میں سینٹرز کیلئے اراضی کی نشاندہی کی جا چکی۔ علاوہ ازیں اسلام آباد میں سینٹر کے قیام کیلئے اراضی کی نشاندہی پر کام جاری ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ان سینٹرز آف ایکسیلینس میں قیمتی پتھروں کی بین الاقوامی معیار کی پراسیسنگ کیلئے تربیت فراہم کی جائے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جولائی 2026 میں پاکستان میں قیمتی پتھروں کے حوالے سے پہلی بین الاقوامی نمائش کا انعقاد بھی کیا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ سری لنکا اور چین کے تعاون سے مخصوص قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ کے حوالے سے افرادی قوت کی تربیت کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اجلاس کو قیمتی پتھروں کی کم سے کم ضیاع کے ساتھ کان کنی کے حوالے سے وزارت پیٹرولیم کے اقدامات پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مقامی آبادیوں کو اعتماد میں لے کر اس حوالے اشتراکی منصوبوں کا اجرا کیا جارہا ہے۔ ایک ہزار لوگوں کو قیمتی پتھروں کی بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ کان کنی کی تربیت بھی دی جارہی ہے۔ وزیراعظم کو منصوبوں کے مراحل اور انکی تکمیل کی معینہ مدت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے شعبے کی برآمدات میں اضافے کیلئے وزارت منصوبہ بندی کو جامع لائحہ عمل مرتب کرکے جلد پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں وفاقی وزرا احسن اقبال، ڈاکٹر مصدق ملک، جام کمال خان، علی پرویز ملک، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر کے چیف سیکریٹریز اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ / آوازنسل نو 6

ممنوع ہوگا۔ کسی بھی فرد کو ان مقامات پر ویڈیو بنانے، تصاویر لینے یا رپورٹنگ کرنے سے قبل باقاعدہ تحریری اجازت لینا لازمی ہوگا، بصورت دیگر

متعلقہ افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی یو این اے کو موصول اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پلیٹ فارم پر داخلہ صرف ان مسافروں کو حاصل ہوگا جن کے پاس ٹرین کا ٹکٹ یا پلیٹ فارم ٹکٹ موجود ہوگا، جبکہ انجن، بریک وین اور دیگر آپریشنل حصوں میں صرف مجاز ریلوے عملے کو ہی داخلے کی اجازت ہوگی۔ اس کے علاوہ ریلوے یارڈز میں داخل ہونا یا ریلوے پٹری عبور کرنا بھی جرم قرار دے دیا گیا ہے ریلوے حکام نے صحافیوں، وی لاگرز، بلاگرز اور سوشل میڈیا صارفین کو ہدایت کی ہے کہ وہ ریلوے حدود میں کسی بھی قسم کی ریکارڈنگ یا اشاعت سے قبل متعلقہ حکام سے اجازت حاصل کریں۔ بغیر اجازت مواد بنانے یا شیئر کرنے والوں کے خلاف نہ صرف قانونی بلکہ محکمانہ کارروائی بھی کی جائے گی مزید کہا گیا ہے کہ ریلوے اسٹیشنز پر سیکیورٹی اقدامات کو مزید سخت کر دیا گیا ہے اور غیر متعلقہ افراد کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ حکام نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ جاری کردہ قوانین پر سختی سے عمل کریں اور کسی بھی خلاف ورزی سے گریز کریں۔ پاکستان ریلوے نے خبردار کیا ہے کہ ان ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ قومی تنصیبات کے تحفظ کیلئے کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ / آوازنسل نو 7

کہا کہ یہ منظر صرف ایک واقعہ نہیں، بلکہ کشمیر کے ہزاروں بچھڑے ہوئے خاندانوں کی کہانی ہے۔ یہ فاصلے صرف زمین کے نہیں، یہ دلوں پر لگے وہ زخم ہیں جو کبھی نہیں بھرتے۔ مشعال ملک نے کہا کہ دنیا کو اب یہ سمجھنا ہوگا کہ کشمیر صرف سرحدوں کا تنازع نہیں، بلکہ یہ انسانیت کا امتحان ہے، جہاں رشتے برقرار و زندہ ہیں مگر وہ مل نہیں سکتے، جہاں آنکھیں ترستی ہیں مگر فاصلے ختم نہیں ہوتے۔ مشعال ملک نے کہا کہ دنیا اگر یہ درد محسوس کرلے، تو شاید کشمیر کی کہانی بدل جائے۔

بقیہ / آوازنسل نو 8

کے نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کرنے کے حکومتی اختیار بھی بحال کردیا، عدالت نے حکومت کا شہریوں کے پاسپورٹ غیر فعال قرار دینے کا اختیار بھی بحال کردیا۔ جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے فریقین کو نوٹس جاری کردیا اور استفسار کیا کہ کیا یہ ڈنکی لگا کر جانے والوں کا کیس ہے؟ ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے عدالت کو بتایا کہ فرحان علی نامی شہری غیر قانونی طور پر ایران گیا جہاں سے ڈی پورٹ ہوا، غیر قانونی اقدامات پر پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں نام شامل کیا گیا، پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں نام کی شمولیت اور پاسپورٹ غیر فعال ہونا چیلنج کیا گیا۔ جسٹس حسن اظہر نے استفسار کیا شہری خود باہر جانے والا تھا یا لوگوں سے پیسہ لیکر انکی بھیجتا تھا؟ ایف آئی اے نے اب تک کیا تفتیش کی؟ عامر رحمان کا کہنا تھا کہ اس حوالے سے ایف آئی اے سے معلومات تاحال نہیں لیں، لاہور ہائیکورٹ نے پاسپورٹ اینڈ امیگریشن کے رول 3 اور 10 کالعدم قرار دے دیئے۔ وفاقی آئینی عدالت نے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کرتے ہوئے سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کردی۔

بقیہ / آوازنسل نو 9

تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی سے جاری بیان کے مطابق لوراپالوسیوکی نے وفاقی وزیر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جی جی جی آئی پاکستان کو اپنے معاشی اہداف کے حصول کے لئے سٹریٹجک منصوبہ بندی، ادارہ جاتی استعداد اور موسمیاتی فنانسنگ کے حصول کے لئے موثر ڈھانچے کی تشکیل میں معاونت فراہم کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جی جی جی آئی مختلف ممالک کو پائیدار ترقی اور موسمیاتی لچک کے اہداف میں ہم آہنگی پیدا کرنے میں معاونت فراہم کر رہا ہے۔ دونوں جانب سے جی جی جی آئی کے تحت پاکستان کنٹری پروگرام 2024 تا 2028 اور آئندہ تعاون کے مختلف شعبوں وممکنہ منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ان شعبوں میں موسمیاتی فنانس کے لئے نجی شعبے کی شمولیت، زرعی ویلیو چینز کو مضبوط بنانا، مصنوعی ذہانت پر مبنی مانیٹرنگ، رپورٹنگ اینڈ ویریفیکیشن (ایم آر وی) نظام کے ذریعے توانائی کی بچت، زرعی سرمایہ کاری و مارکیٹ ڈویلپمنٹ اور سٹارٹ اپس کے ذریعے جدت کو فروغ دینا شامل ہیں۔ علاقے میں گلوبل کلین ہائیڈروجن پروگرام پر بھی گفتگو ہوئی جو اس وقت پاکستان میں زیر غور ہے۔ اس منصوبے کا مقصد پاکستان کو نیٹ زیرو اہداف کی جانب پیش رفت میں معاونت فراہم کرنا، ہائیڈروجن سے متعلق استعداد کار پیدا کرنا اور ادارہ جاتی تیاری کو بہتر بنانا ہے۔ یہ پروگرام اس وقت دنیا کے نو ممالک میں فعال ہے اور اندازاً 2.3 ملین میٹرک ٹن کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اخراج میں کمی کا عالمی اثر رکھتا ہے۔ اس موقع

پروفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے پاکستان کے ساتھ جی جی جی آئی کے مسلسل تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہر پالیسی، حکمت عملی اور ترقیاتی منصوبہ پاکستان کے زمینی حقائق، قومی ترجیحات اور مقامی ضروریات کے مطابق ہونا چاہیے۔ انہوں نے زور دیا کہ ایسے حل اختیار کئے جائیں جو عملی اور قومی ترقیاتی تقاضوں سے ہم آہنگ ہوں۔

بقیہ / آوازنسل نو 10

ڈ سے پاکستان کیلئے 1.2 ارب ڈالر سے زائد رقم کی منظوری متوقع ہے۔ اسی طرح 7 ارب ڈالر ای ایف ایف اور آر ایس ایف کے تحت پاکستان کو رقم ملے گی، تیسری جائزہ رپورٹ کامیاب ہونے سے پاکستان کو 1 ارب ڈالر ملنے کا قوی امکان ہے۔ دوسری جانب آر ایس ایف کے دوسرے جائزہ کے بعد 210 ملین ڈالر اضافی ملیں گے، پاکستان اور آئی ایم ایف کیساتھ 27 مارچ کو سٹاف لیول معاہدہ طے پایا تھا۔

بقیہ / آوازنسل نو 11

تاریخ پر انہیں سمیت 10 ملزمان کو پیش ہونے کی ہدایت جاری کی ہے۔ اس کے علاوہ عدالت نے کیس کے آخری گواہ کو بھی طلب کرلیا ہے اور تفتیشی افسر انسپکٹر خلیل کو آئندہ سماعت پر پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ یاد رہے کہ یہ کیس 26 نومبر کو ہونے والے احتجاج کے تناظر میں درج کیا گیا تھا، جس کی کارروائی انسداد دہشتگردی عدالت میں جاری ہے۔

بقیہ / آوازنسل نو 12

سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہیلتھ کارڈ کے ذریعے ڈائلیسس، کیموتھراپی، کارڈیک اور نیوروسرجریز سمیت زچگی کی سہولیات بھی مفت فراہم کی جارہی ہیں، جس سے عوام کو بڑی مالی سہولت میسر آئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت اس پروگرام کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ پروگرام نہ صرف عوام کو معیاری علاج فراہم کر رہا ہے بلکہ صوبے کے صحت کے نظام میں بہتری کی جانب ایک مضبوط قدم بھی ہے۔ بخت محمد کاکڑ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت عوام کی صحت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے اس پروگرام کو کامیابی سے جاری رکھے گی۔

بقیہ / آوازنسل نو 13

کیلئے مزید مہلت کی استدعا کی، جسے عدالت نے منظور کرتے ہوئے کیس کی آئندہ سماعت 12 مئی تک ملتوی کر دی۔ عدالت نے اس موقع پر ٹرانسپورٹ اتھارٹی، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور ڈی جی کیو ڈی اے کو بھی آئندہ سماعت کیلئے باقاعدہ نوٹسز جاری کر دیے ہیں۔ تاکہ تمام متعلقہ فریقین اپنا موقف عدالت کے سامنے پیش کریں۔ دریں اثنا سماعت کے بعد میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے حاجی میرا کبر لہڑی نے کہا کہ کیوڈی اے کی جانب سے ہزار گنجی بس ٹرمینل کی اراضی کی نیلامی سراسر غیر قانونی اقدام ہے۔ مذکورہ اراضی برسوں قبل ٹرانسپورٹرز کو الاٹ کی جا چکی ہے اور اس پر ان کا حق تسلیم شدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز اپنے حقوق کے تحفظ کیلئے قانونی جنگ لڑ رہے ہیں اور انہیں مکمل یقین ہے کہ معزز عدالت انصاف فراہم کرے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اب بھی وقت ہے۔ کہ متعلقہ حکام اس معاملے کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور ٹرانسپورٹرز کے جائز حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ / آوازنسل نو 14

میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے تحت دور دراز اور پسماندہ علاقوں کو مرکزی شاہراہوں سے منسلک کیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں متعدد اہم شاہراہوں کی تعمیر و مرمت پر تیزی سے کام جاری ہے، جن کی تکمیل سے نہ صرف عوام کو سہولت ملے گی بلکہ تجارتی سرگرمیوں میں بھی نمایاں اضافہ ہوگا۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ سڑکوں کی معیاری تعمیر حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، اور اس بات کو یقینی بنایا جارہا ہے کہ تمام منصوبے شفافیت اور معیار کے مطابق مکمل ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہتر سڑکیں کسی بھی خطے کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں، اور بلوچستان میں یہ اقدامات صوبے کی معاشی ترقی کا باعث بنیں گے۔ صوبائی وزیر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور ترقی کا یہ سفر جاری رہے گا۔

بقیہ / آوازنسل نو 15

کلامی ہوئی جو دیکھتے ہی دیکھتے شدت اختیار کرگئی۔ بات بڑھنے پر دونوں جانب سے ڈنڈوں اور پتھروں کا آزادانہ استعمال کیا گیا، جس کے باعث علاقے

میں خوف و ہراس پھیل گیا اور مقامی لوگ گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ تصادم کافی دیر تک جاری رہا اور دونوں گروپوں کے افراد ایک دوسرے پر حملہ آور رہے۔ جھگڑے کے دوران کئی افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طبی امداد کی ضرورت تھی واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او پسند خان لاشاری پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور حالات کو قابو میں کرنے کے لیے فوری کارروائی کی۔ پولیس نے زخمیوں کو فوری طور پر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گنداواہ منتقل کیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق 3 زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے جنہیں خصوصی نگہداشت میں رکھا گیا ہے پولیس حکام کا کہنا ہے کہ تصادم میں ملوث افراد کی نشاندہی کا عمل شروع کر دیا گیا ہے اور ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مزید یہ کہ علاقے میں کشیدگی کے پیش نظر اضافی نفری تعینات کر دی گئی ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کو بچا جا سکے مقامی عمائدین نے واقعے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دونوں فریقین سے صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنے اور معاملات کو افہام و تفہیم سے حل کرنے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معمولی تنازعات کو تصادم میں بدلنا نہ صرف انسانی جانوں کے لیے خطرہ ہے بلکہ علاقے کے امن و امان کو بھی متاثر کرتا ہے پولیس کے مطابق صورتحال اب قابو میں ہے تاہم علاقے میں بدستور نگرانی جاری ہے جبکہ مزید تحقیقات کے بعد واقعے کی اصل وجوہات اور ذمہ داران کا تعین کیا جائے گا۔

بقیہ / آوازنسل نو 16

گیا ہے۔ جاری بیان کے مطابق ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے تحت 3 لاکھ 45 ہزار مریضوں کو علاج کی سہولیات فراہم کی گئیں، ہیلتھ کارڈ کے ذریعے 69 ہزار ڈائلیسز، 44 ہزار سے زائد کیموتھراپی اور 1200 سے زائد ریڈیو تھراپی سیشنز مکمل کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ دل کے مریضوں کیلئے 7,784 انجیو پلاسٹی اور 575 بائی پاس سرجریز کامیابی سے کی گئیں، بچوں کے دل کے 304 کیسز کا مفت علاج، ہیلتھ کارڈ پروگرام عوام کیلئے بڑی سہولت بن گیا، ہیلتھ کارڈ کے تحت 3,412 نیوروسرجریز اور 12,300 آرتھوپیڈک سرجریز کی گئیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ برنز اینڈ پلاسٹک سرجری کے 183 کیسز بھی ہیلتھ کارڈ کے تحت مکمل کئے گئے، ماں اور بچے کی صحت کیلئے 55 ہزار سے زائد کیسز ہینڈل کئے گئے۔ سرفراز بگٹی نے مزید کہا کہ 24 ہزار 688 نارمل ڈیلیوریز اور 20 ہزار 344 سی سیکشنز ہیلتھ کارڈ کے تحت کئے گئے ہیں، صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں مزید بہتری اور سہولیات کے فروغ کے لئے پرعزم ہے۔

بقیہ / آوازنسل نو 17

کے درمیان سفارتی تعطل برقرار ہے اور ایرانی قیادت کے اندر اس بات پر اختلاف پایا جاتا ہے کہ جوہری پروگرام سے متعلق کس حد تک رعایت دی جائے۔ ایرانی تجویز کا مقصد اس حساس معاملے کو فی

الحال پس پشت ڈال کر فوری طور پر کسی معاہدے تک پہنچنا ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق اگر ناکہ بندی ختم ہو جاتی ہے اور جنگ کا خاتمہ ہو جاتا ہے تو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اپنی وہ اہم سفارتی برتری کھو سکتے ہیں جس کے ذریعے وہ ایران کو افزودہ یورینیم کے ذخائر ختم کرنے اور یورینیم کی افزودگی روکنے پر آمادہ کرنا چاہتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق صدر ٹرمپ ایران کی صورتحال پر وائٹ ہاؤس کے سچویشن روم میں اعلیٰ قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی ٹیم کے ساتھ اہم اجلاس کریں گے جس میں مذاکراتی تعطل اور آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا، نئی ایرانی تجویز پاکستانی ثالثوں کے ذریعے امریکا تک پہنچائی گئی ہے، اس میں پہلے آبنائے ہرمز کے بحران اور امریکی ناکہ بندی کے خاتمے پر توجہ دینے کی بات کی گئی ہے۔ اس کے تحت یا تو جنگ بندی کو طویل مدت کیلئے بڑھایا جائے گا یا جنگ کے مستقل خاتمے پر اتفاق کیا جائے گا، جبکہ جوہری مذاکرات بعد میں شروع کیے جائیں گے، وائٹ ہاؤس نے اس تجویز کی وصولی کی تصدیق کی ہے، تاہم یہ واضح نہیں کہ امریکا اس پر غور کرنے کیلئے تیار ہے یا نہیں۔

بقیہ / آوازنسل نو 18

منصوبے کے افتتاح کے موقع پر عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں ترقیاتی منصوبے اکثر محدود پیمانے پر کیے جاتے رہے، کہیں ایک کلومیٹر سڑک بن گئی، کہیں دو یا تین کلومیٹر، لیکن اس طرح کے غیر مربوط منصوبے عوامی ضروریات کو مکمل طور پر پورا نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ اب حکومت کی حکمت عملی یہ ہے کہ پورے حلقے کو ایک جامع اور مربوط سڑکوں کے جال سے منسلک کیا جائے تاکہ ہر گاؤں کے رہائشیوں کو یکساں سہولیات میسر آئیں اور وہ با آسانی شہروں تک رسائی حاصل کر سکیں۔ سینیٹر رانا ثناء اللہ خاں نے کہا کہ دنیا کی ترقی کی رفتار ہمیشہ ذرائع آمدورفت سے جڑی رہی ہے۔ انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ جب دنیا گھوڑوں، خچروں اور اونٹوں پر سفر کرتی تھی تو ترقی کی رفتار بھی محدود تھی، لیکن آج جب دنیا ہوائی جہازوں کے ذریعے سفر کر رہی ہے تو ترقی کی رفتار بھی اسی قدر تیز ہو چکی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ سڑکوں کے بغیر ترقی کا تصور بھی ممکن نہیں اور یہی وجہ ہے کہ موجودہ حکومت اس شعبے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے جاری ترقیاتی منصوبے کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے کہا کہ تقریباً 30 کلومیٹر طویل ایک اہم سڑک تعمیر کی جارہی ہے جو مختلف چکوں اور دیہات کو آپس میں ملاتے ہوئے مرکزی شاہراہوں سے منسلک کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ تقریباً 85 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا جارہا ہے اور اس کی کارپٹنگ میں اعلیٰ معیار کا میٹریل استعمال کیا جائے گا تاکہ سڑک کم از کم آئندہ 10 برس تک بہترین حالت میں رہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس سڑک کو اس انداز میں ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ یا تو دیہات کے اندر سے گزرے گی یا ان کے قریب سے جبکہ باقی ماندہ دیہات کو لنک روڈز کے ذریعے اس شاہراہ سے جوڑا جائے گا جس سے پورے حلقے میں آمدورفت کا نظام یکساں طور پر بہتر ہو جائے گا۔ رانا

ثناء اللہ خاں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ خدمت اور ترقی کی سیاست کو فروغ دیا ہے اور ملک میں جتنے بھی بڑے ترقیاتی منصوبے نظر آتے ہیں، خواہ وہ ہسپتال ہوں، یونیورسٹیاں، فلائی اوورز، انڈر پاسز یا موٹرویز، ان کا سہرا اسی جماعت کی قیادت کے سر جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مخالفین نے اپنے دور اقتدار میں عوامی فلاح و بہبود کے لیے کوئی نمایاں کام نہیں کیا اور صرف الزام تراشی، جھوٹے پروپیگنڈے اور عوام کو آپس میں لڑانے کی سیاست کو فروغ دیا۔ انہوں نے سخت الفاظ میں کہا کہ جو لوگ خدمت کے جذبے سے عاری ہوتے ہیں وہ نفرت، گالی گلوچ اور انتشار کو ہوا دیتے ہیں تاکہ اپنی ناکامیوں کو چھپا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ نفرت کی سیاست کرنے والے کبھی کامیاب نہیں ہوتے اور آخرکار عوام کے سامنے بے نقاب ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے امن و امان کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی آئی ہے اور عوام کو پہلے کی نسبت زیادہ محفوظ ماحول میسر آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ڈکیتیوں اور جرائم کے واقعات نے عوام کو خوفزدہ کر رکھا تھا لیکن اب صورتحال کافی حد تک بہتر ہو چکی ہے اور حکومت مزید بہتری کے لیے مسلسل اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے ''ستھرا پنجاب'' پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ صفائی کے نظام میں نمایاں بہتری آئی ہے اور اب وہ علاقے بھی اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں جہاں ماضی میں صفائی کا کوئی موثر نظام موجود نہیں تھا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ آنے والے دنوں میں اس پروگرام کے مزید مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔ زرعی شعبے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے متعدد اقدامات کر رہی ہے جن میں گرین ٹریکٹر سکیم، بلاسود قرضوں کی فراہمی اور جدید زرعی مشینری کی تقسیم شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ عالمی سطح پر مہنگائی اور معاشی دباؤ کے باعث کسانوں اور عام آدمی کو مشکلات کا سامنا ہے تاہم حکومت ان مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے اور حالات بتدریج بہتر ہوں گے۔ رانا ثناء اللہ خاں نے عالمی منظرنامے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آج دنیا میں عزت و وقار کے مقام پر کھڑا ہے اور بڑی طاقتیں بھی پاکستان کا احترام کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم دنیا کے ممالک کے درمیان اختلافات کے باوجود پاکستان ایک ایسا ملک ہے جس پر سب کا اتفاق ہے اور جس کی قیادت کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عزت اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہے اور اس کے حصول میں قوم کی دعائیں، اعتماد اور قیادت کی نیک نیتی شامل ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ پاکستان مستقبل میں عالمی امن کے قیام میں اہم کردار ادا کرے گا اور ایک ترقی یافتہ ملک کے طور پر ابھرے گا۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ منفی پروپیگنڈے سے بچیں، اپنی سوچ کو مثبت رکھیں، اتحاد کا مظاہرہ کریں اور ملک کی ترقی کے لیے حکومت کے ساتھ تعاون کریں کیونکہ قومی یکجہتی ہی پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. TheChief Officer District Council Dera Bugti Invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Bid Security 2% for each work

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost	Tender Fee
1	TSE-2526041024523	Construction of Sewerage Line Killi Shaheed Wadera Fazal Khan Shambani.	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	28,100,000	1,500 PKR
2	TSE-2526041025793	Construction of Protection Band at Kahjoori Mandav Kund.	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	26,200,000	1,500 PKR
3	TSE-2526041024493	Drilling& Development of Bore with Solar System and Laying of 4000 PVC Pipe Line &2Nos of Pucca Talab Rasal Killi shaheed Jamal Shambani.	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	23,700,000	1,500 PKR
4	TSE-2526041025813	WSS with Solar System at Beeh Janoobi.	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	11,000,000	1,500 PKR
5	TSE-2526041026113	Construction of Protection Band at Seghari	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	10,000,000	1,500 PKR
6	TSE-2526041025893	Construction of Kacha Band at Killi Meer Muhammad Kukari	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	10,000,000	1,500 PKR
7	TSE-2526041025903	Drilling & Development of Bore with Solar Sysytem at Killi Mohammad Ali Meerkani Marrow Mura	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	8,000,000	1,500 PKR
8	TSE-2526041025923	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Haji Kareem Dad at Dasht Goran	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	7,500,000	1,500 PKR
9	TSE-2526041025933	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Habibullah Kunnarani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	7,500,000	1,500 PKR
10	TSE-2526041025943	Construction of Protection Band at Dilgowash Killi Hairan Nohakani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	5,000,000	1,500 PKR
11	TSE-2526041025953	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Waqas at Kohala	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	5,000,000	1,500 PKR
12	TSE-2526041025973	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Raza Muhammad	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	4,000,000	1,500 PKR
13	TSE-2526041025983	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Mirza Khan Lope Pingora	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
14	TSE-2526041026003	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Sanjar Shehakani at Lashkrani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
15	TSE-2526041026013	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Diam Khan Chuttani at Lope	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
16	TSE-2526041026023	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Asadullah Kiyazai at Pogani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
17	TSE-2526041026043	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Abdul Aziz Rahmlani at Lashkrarani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
18	TSE-2526041026053	Drilling & Development of Bore with Solar System at Killi Jalali Rahmlani at Lashkrarani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
19	TSE-2526041026063	Drilling & Development of Bore withSolar Systemat Killi Praiz at Lashkrarani	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
20	TSE-2526041026073	Construction of Boundary Wall for Government Primary School Killi Saif Karbur	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,500,000	1,500 PKR
21	TSE-2526041026103	Solarization for 2 Nos of Bore at Morrow	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,440,000	1,500 PKR
22	TSE-2526041026133	Drilling & Development of Bore at Kashi Gharbi Killi Mir Ahmed Siah Aaf Dera Bugti	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,000,000	1,500 PKR
23	TSE-2526041026153	Construction of Kacha Band at Choto Killi Zahid	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,000,000	1,500 PKR
24	TSE-2526041026163	ConstructionofProtectionBandatKilli ZiaullahLundkani at Seghari	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	3,000,000	1,500 PKR
25	TSE-2526041026183	Construction of Protection Band Killi Haji Goaran Teetal Kach	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	2,500,000	1,500 PKR
26	TSE-2526041026193	Drilling & Development of Bore Killi Haji Liaqat at Peer Kandagh Gazanigal	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	2,500,000	1,500 PKR
27	TSE-2526041026203	Construction of Kacha Band at Killi Kashmir Phelawagh	11 May, 2026 10:00 AM	11:00 AM	2,000,000	1,500 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-2526041024523, TSE- 2526041025793, TSE-2526041024493, TSE-2526041025813, TSE-2526041026113, TSE-2526041025893, TSE-2526041025903, TSE-2526041025923, TSE-2526041025933, TSE-2526041025943, TSE-2526041025953, TSE-2526041025973, TSE-2526041025983, TSE-2526041026003, TSE-2526041026013, TSE-2526041026023, TSE-2526041026043, TSE-2526041026053, TSE-2526041026063, TSE-2526041026073, TSE-2526041026103, TSE-2526041026133, TSE-2526041026153, TSE-2526041026163, TSE-2526041026183, TSE-2526041026193, TSE-2526041026203. **Tender Documents**:The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Chief Officer District Council Dera Bugti

Phone no: 3331179888 **Email:** smengal102@gmail.com

Chief Officer
District Council Dera Bugti

AB No.1160/23-04-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Development Officer Local Government & Rural Development, Tump invites sealed percentage rate tenders based on composite schedule of rates, 2023 Govt; of Balochistan amended up-to-date from interested contractors/Firms for the following works given below. The procurement shall be carried out in accordance with BPPRA Rules 2014. Bid security 2%. Completion Period 12 Month. Bid validity period 90 days.

S.No	Name of Work	E/Cost
1	Const of 2 Nos Washroom with Water Tank with Pipe and Drilling and Development of Local Bore Roudbun Qabristan at Unioun Council Rodbun TSE-252604102623	4,941,000
2	Repair of GGP School Chari Bazar Gomazi and D/D OF Local Bore 2 Nos with 300 fits pipe Constt of Water Tank for Cheeri Bazar 2 Nos Soket Pits Uc Gomazi II *TSE-2526041027633*	4,941,000
3	Cleaning Karez Waja Chakar Khan and Waja Rahim Khan Shankim and Home Solar System and Tractor Hours U/C Shankin *TSE-2526041027563*	4,941,000
4	Repair of Girls Community School and Boys Middle School Goburd and Repair of B/W Grayard Dalsar, Constt of Latrin and Supply Water Supply for Greyard Goburd *TSE-2526041027603*	4,941,000
5	D/D Local Bore Repair of Janaza Gah and Constt of Tiolets Redeeg Mand *TSE-2526041027623*	4.941,000

Eligibility: - The contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category (C-6 and above where applicable) and discipline and registration with tax authorities i.e. (NTN, BRA and sales Tax Department), where applicable. **Method of Procurement: -** Single stage, single envelope. **Bidding/tender Documents: - Issuance: -** Tender Forms / documents will be issued from the date of advertisement published in newspapers up to submission date & time on presentation of requisite documents. **(a)** Tender Fee Rs.1000/- (Non-refundable) **(b)** Bid security / earnest money 2 %, **(c)** Valid Pakistan Engineering Council Certificate in relevant / required category, **(d)** income tax certificate (NTN), BRA & (GST) etc. **Submission: -** Last date of submission of documents is **07-05 -2026** at **11:00 PM**. **Opening: -** The sealed tenders will be opened on **07-05-2026** at **12:00 PM**. **Place of issuance, submission, inquiries and opening will be: - Address: -** Office of the Development Officer Local Government RD Tump **Telephone No. Ph# 0852-418614**

Terms and Condition: The Other detailed terms & conditions are attached with the tender/bidding documents.

Development Officer
Local Government & Rural Development, Tump

AB No.1168/23-04-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CALL FOR INTERVIEWS

A public organization has scheduled interviews for candidates who applied for various positions under AB No. 864/16-02-2026. Shortlisted candidates have already been informed through their personal contact details. Not shortlisted applicants who have not received any call message for the interview should not appear. Only shortlisted candidates are required to attend the interviews as per the following schedule. No TA/DA will be admissible to candidates appearing for the interviews.

Sr. #	Positions / Designations	Date & Time	Venue
1.	Deputy Project Director (PPS-08)	07-05-2026 at 2:00 PM	Committee Room, Block No. 13 P&D Department, Balochistan Civil Secretariat, Zarghoon Road, Quetta.
2.	Asst. Project Engineer/M&E Officer (PPS-07)	07-05-2026 at 10:00 AM	GBI Office. Address: Office No. 1, 1st Floor, Block-B, Brands Village, Nawa Killi Road, Quetta.
3.	Site Engineer Agric/PHE/Hydro Geologist Electric Engineer (PPS-07)	07-05-2026 at 10:00 AM	
4.	Topographic Surveyor (PPS-04)	07-05-2026 at 10:00 AM	
5.	Sub Engineer/Site Supervisor (PPS-04)	06-05-2026 at 10:00 AM	
6.	Asst: Surveyor (PPS-04)	06-05-2026 at 10:00 AM	
7.	Driver (PPS-01)	11-05-2026 at 10:00 AM	
8.	Security Guard (PPS-01)	11-05-2026 at 10:00 AM	
9.	Sweeper (PPS-01)	11-05-2026 at 10:00 AM	

PROJECT DIRECTOR
GREEN BALOCHISTAN INITIATIVE

AB No.1182/25-04-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ / آواز نسل نو 1

مجوزہ منصوبوں، نکاسی آب، سڑکوں کی توسیع اور عوامی سہولیات کا بغور مشاہدہ کیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ ضلع خضدار کے عوام کو معیاری تعلیم، صحت کی سہولیات اور بنیادی انفراسٹرکچر کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ یہ منصوبے نوجوان نسل کو آگے بڑھنے اور ضلع کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔میر یونس عزیز زہری نے مزید کہا کہ یہ انتہائی خوش آئند امر ہے کہ ڈویژنل وضلعی انتظامیہ اور عوامی نمائندے باہمی مشاورت سے تعلیم، صحت، صاف پانی اور شہری پلاننگ سمیت تمام شعبوں پر پوری دلجمعی سے کام کر رہے ہیں۔ ان مشترکہ کاوشوں سے خضدار سٹی اور پورے ضلع میں عوامی فلاح و بہبود کے اہداف حاصل کیے جا سکیں گے۔دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے اپوزیشن لیڈر کو جاری وکمل ہونے والے منصوبوں کے خدوخال، لاگت اور عوامی فوائد پر آگاہی دی۔ انہوں نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ تعلیمی ایمرجنسی، صحت کے مراکز کی اپ گریڈیشن اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔دورے میں میر یونس عزیز زہری اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی، ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی، انجینئر عبدالروف قمبرانی، انجینئر سلیم رزاق عمرانی، قاضی عتیق، انجینئر مقبول زہری، حافظ حمیداللہ مینگل، غلام علی بادشاہ، انجینئر یونس رمضان سمیت دیگر محکموں کے آفیسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ / آواز نسل نو 2

کہ شہر میں گشت بڑھایا جائے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے تاکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے یو این اے کے مطابق اطلاع ملنے پر پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی اور ملزم کو اپنی تحویل میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ قانون کو ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جاسکتی اور شہریوں کو چاہیے کہ ایسے واقعات کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ اداروں کو اطلاع دیں شہری حلقوں نے زور دیا ہے کہ اسٹریٹ کرائم کے بڑھتے ہوئے واقعات کی روک تھام کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جائے، بصورت دیگر عوامی ردعمل مزید شدت اختیار کر سکتا ہے۔

بقیہ / آواز نسل نو 3

درپیش چیلنجز کو مواقع میں بدلنے کے لیے مشترکہ جدوجہد کرنا ہوگی تاکہ پشتون قوم کی خوشحالی کی راہ ہموار ہو سکے۔ڈپٹی چیئرمین احسان اللہ کاکڑ نے کہا کہ پارٹی نوجوانوں کے حقوق کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی اور اس سلسلے میں کھیلوں سمیت مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیا جا رہا ہے تاکہ نوجوانوں کو منفی رجحانات سے دور رکھا جا سکے۔ضلعی ڈپٹی سیکرٹری سکندر خان جوگیزئی نے اپنے خطاب میں کہا کہ دنیا کی ترقی یافتہ اقوام نے اتحاد، تعلیم، صحت اور روزگار کے شعبوں میں عملی اقدامات کے ذریعے اپنی تقدیر بدلی ہے۔انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ مخلص اور باصلاحیت قیادت کے ساتھ جڑ کر قومی سیاست کو مضبوط بنائیں اور اپنے حالات بہتر بنانے کے لیے سنجیدہ کردار ادا کریں۔اجلاس کے اختتام پر شنگئی میں "خان شہید" کے نام سے ایک تنظیمی یونٹ کے قیام کا بھی اعلان کیا گیا۔

بقیہ / آواز نسل نو 4

صدر ماتا میلا سیرل رامافوسا اور جنوبی افریقہ کے عوام کو ان کے قومی دن پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان جنوبی افریقہ کے ساتھ اپنے دوستانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے جو کہ مشترکہ اقدار، باہمی اعتماد، اور امن، ترقی و کثیر الجہتی تعاون کے مشترکہ عزم پر مبنی ہیں۔صدر آصف علی زرداری نے جنوبی افریقہ میں نسل پرست (اپارتھائیڈ) حکومت کے دور میں پاکستان کے اصولی موقف کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ 1948 میں ہی پاکستان نے جنوبی افریقہ کی نسل پرست حکومت کیساتھ ساتھ اسرائیل کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔لوگوں کو اب بھی پاکستانی پاسپورٹ پر لگی وہ مہر یاد ہے جس پر لکھا ہوتا تھا کہ یہ پاسپورٹ جنوبی افریقہ (نسل پرست) اور اسرائیل کے لیے کارآمد نہیں ہے، اور یہ 1994 میں جنوبی افریقہ میں نسل پرستی کے خاتمے تک جاری رہا۔صدر آصف علی زرداری نے اس یقین کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان موجودہ تعلقات آنے والے سالوں میں مزید مستحکم ہوں گے، جو کہ دونوں قوموں کے عوام کے لیے مزید خوشحالی اور فلاح و بہبود کا سبب بنیں گے۔

بقیہ / آواز نسل نو 5

ہے کہ طیارہ شمالی مینیپولس کے کرسٹل ایئرپورٹ سے پرواز کے فوری بعد حادثے کا شکار ہوگیا۔بروکلین پارک پولیس کا کہنا ہے کہ حادثے کی اطلاع مقامی وقت کے مطابق صبح 11 بجکر 51 منٹ پر موصول ہوئی۔گرنے کے فوری بعد طیارے میں آگ لگ گئی۔امریکی نیشنل ٹرانسپورٹیشن سیفٹی بورڈ نے بتایا کہ حادثے کی تحقیقات شروع کردی گئیں۔

بقیہ / آواز نسل نو 6

ہ جہاز کا مالک بھی صومالین ہے اور جہاز تیل لیکر صومالیہ ہی جا رہا تھا، صومالیہ کی صورت حال اچھی نہیں ہے۔اس موقع پر متاثرین کے اہل خانہ کا کہنا تھا کہ ہماری آخری بات جمعے کے دن ہوئی، وہ لوگ بہت تکلیف میں ہے اور کھانے کو بھی کچھ نہیں، قزاقوں کے پاس جدید اسلحہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم گورنر ہاؤس آئے ہیں انہوں نے ہمیں امید دلائی ہے، گورنر نے ہمیں یقین دلایا کہ وہ کوشش کریں گے، جب تک ہمارے پیارے وطن واپس نہیں آجاتے چین نہیں آئے گا، ہمیں تو یقین چاہیے کہ ہمارے پیارے واپس آئیں گے۔گورنر ہاؤس میں واقعہ بتاتے ہوئے متاثرین میں سے ایک خاتون رو پڑی۔

بقیہ / آواز نسل نو 7

ے کہا کہ ایران کے ساتھ بات چیت کے لیے وفد کو اس لیے نہیں بھیجا کہ 18 گھنٹے کی فلائٹ ہے، ایران کے ساتھ جاری جنگ جلد ختم ہو جائے گی اور اس صورت حال میں امریکا کو فتح حاصل ہوگی، اگر ایران بات چیت کرنا چاہتا ہے تو وہ براہ راست فون کے ذریعے رابطہ کرسکتا ہے کیوں کہ یہ معاملہ فون پر بھی طے کیا جا سکتا ہے۔صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران میں جن فریقین سے امریکا کا سامنا ہے ان میں کچھ قابل قبول ہیں جب کہ کچھ نہیں تاہم انہیں امید ہے کہ ایران اس معاملے میں دانشمندی کا مظاہرہ کرے گا۔امریکی صدر نے مزید کہا کہ ایران کے افزودہ یورینیم سے متعلق معاملہ بھی جاری مذاکرات کا حصہ ہے اور امریکا اس تک رسائی حاصل کرے گا۔چین کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ زیادہ مایوس نہیں ہیں لیکن بیجنگ اس معاملے میں مزید تعاون کرسکتا ہے۔نیٹو کے کردار پر تبصرہ کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران سے متعلق صورت حال میں نیٹو امریکا کے ساتھ نہیں تھا اور جب جنگ کے خاتمے کے بعد برطانیہ نے بحری جہاز بھیجنے کی پیشکش کی تو یہ ایک غیر مناسب اقدام تھا۔امریکی صدر نے ایک بار پھر پاکستان اور بھارت کے درمیان مئی 2025 میں ہونے والی جنگ کا ذکر چھیڑ دیا۔انہوں نے کہا کہ اپنے دور میں انہوں نے 8 مختلف جنگی تنازعات کو رکوانے میں کردار ادا کیا، جن میں پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بھی شامل ہے۔صدر ٹرمپ کے مطابق پاک بھارت کشیدگی اس حد تک بڑھ رہی تھی کہ صورتحال جوہری تصادم کی طرف جا سکتی تھی۔ان کا مزید کہنا تھا کہ اس دوران 11 جہاز تباہ ہوئے، وزیراعظم پاکستان نے میرے حوالے سے کہا کہ میں نے کردار ادا کر کے لاکھوں جانیں بچائی ہیں۔صدر ٹرمپ نے کہا کہ وہ پاکستان کا بہت احترام کرتے ہیں اور وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل بہت اچھے اور ان کے لیے قابل احترام ہیں۔دریں اثنا صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی میڈیا کو انٹرویو میں وائٹ ہاؤس پریس ڈنر کے دوران پیش آئے فائرنگ کے واقعے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ حملہ آور مسیحیت مخالف نظریات کا حامل تھا اور اسکے دل میں بہت نفرت تھی۔ٹرمپ نے کہا کہ ڈنر تقریب میں حملہ آور کو فوری طور پر روکا گیا، تقریب کی جگہ کو محفوظ بنانا مشکل تھا۔صدر ٹرمپ نے کہا حملہ آور عیسائی مخالف نظریات رکھتا ہے، اسکے دل میں بہت نفرت تھی، آپ اس کا منشور پڑھیں وہ مسیحیوں سے نفرت کرتا ہے۔انہوں نے حملہ آور کو ذہنی بیمار شخص قرار دیتے ہوئے کہا کہ حملہ آور کے گھر والے جانتے تھیکہ اسے مشکلات درپیش تھیں۔ دوسری جانب صدر ٹرمپ نے سی بی ایس نیوز کے پروگرام میں انٹرویو دیتے ہوئے اپنے خلاف جنسی تشدد کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے ملزم کے بیان کو ایک انتہا پسندانہ منشور قرار دیا۔ملزم کے بیانات پڑھ کر سنانے پر انہوں نے صحافیوں کو خوفناک افراد قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہاں، اس نے یہ لکھا ہے۔ میں زانی نہیں ہوں۔ میں نے کسی کا ریپ نہیں کیا۔جب انٹرویو لینے والے نے ان سے یہ سوال کیا کہ کیا ان کے خیال میں ملزم کا اشارہ ان کی طرف تھا؟ تو ٹرمپ نے جواب دیا کہ میں بچوں کا جنسی استحصال کرنے والا نہیں ہوں۔معاف کیجیے گا، معاف کیجیے گا، میں پیڈوفائل نہیں ہوں۔آپ ایک بیمار ذہن کے آدمی کی لکھی ہوئی بکواس پڑھ رہے ہیں؟ میرا نام ان تمام چیزوں کے ساتھ جوڑ دیا گیا جن سے میرا کوئی لینا دینا نہیں۔میں مکمل طور پر بے گناہ ثابت ہوا تھا۔

بقیہ / آواز نسل نو 8

شہرہ اور صوابی میں محسوس کیا گیا۔اس کے علاوہ بٹگرام، مانسہرہ، ہری پور، ایبٹ آباد میں بھی زلزلے سے در و دیوار لرز اٹھے۔ زلزلے کے جھٹکوں کے باعث خوفزدہ ہو کر لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں اور دفاتر سے باہر نکل آئے، تاہم کسی جانی اور مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

بقیہ / آواز نسل نو 9

نہیں۔یونیورسٹی روڈ شہریوں کے لیےنہ ختم ہونے والا امتحان، بڑے بڑے گڑھے، دھول مٹی، کیچڑ سے یونیورسٹی روڈ کا براحال، سڑک پر سفر کرنا شہریوں کیلیے دشوار، بیماریاں پھیلنے لگیں۔

بقیہ / آواز نسل نو 10

وے کی فعالیت اور مجموعی آپریشنل تیاریوں کو جانچنے کے لیے ٹرائلز کیے گئے، پاک آرمی ایوی ایشن نے مجموعی طور پر 6 کامیاب لینڈنگ اور ٹیک آف ٹرائلز مکمل کیے۔ٹرائلز کے نتیجے میں ایئر پورٹ رن ویز کو پیشہ ورانہ معیار اور اعلی سیفٹی اسٹینڈرڈز کے مطابق قرار دیا گیا، ٹرائلز کے دوران مختلف آپریشنل سیناریوز میں ایئر پورٹ اور رن ویز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ان کامیاب ٹرائلز کے بعد پارہ چنار ایئرپورٹ کی آپریشنل فعالیت مزید مستحکم ہوگی، جس سے علاقائی رابطوں، ہنگامی رسپانس اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں نمایاں بہتری متوقع ہے۔

بقیہ / آواز نسل نو 11

ہے کہ کچھ موومنٹ ہو رہی ہے جس کی وجہ سے گلیاں بدستور بند رکھی ہیں، ہمیں کوئی احکامات نہیں ملے نہ ہم ایسے ایئرپورٹ روڈ پر انٹری دے سکتے ہیں۔گلزار قائد، ایئرپورٹ ہاسنگ سوسائٹی، شاہ خالد کالونی اور فیصل کالونی سمیت متعدد آبادیوں کو مسلسل پریشانی کا سامنا ہے۔دوسری جانب ریڈ زون کی بندش کے باعث بند اسلام آباد ہائیکورٹ پیر کو 12 روز بعد کھل گئی، 16 اپریل کو آخری بار کیسز کی سماعت ہوئی تھی۔کفایت شعاری مہم کے تحت جمعے کو جوڈیشل ورک نہیں ہوتا جبکہ 12 روز میں سیکڑوں کیسز التوا کا شکار ہو گئے۔ریڈ زون کی مسلسل بندش کے باعث ہائیکورٹ میں گزشتہ ہفتے ایک بھی سماعت نہ ہوسکی، سیکڑوں کیسز التوا کا شکار ہونے سے کیسز کا پینڈنسی لوڈ مزید بڑھ گیا۔گزشتہ ہفتے ریڈ زون کی بندش کے باعث ہائیکورٹ میں اہم کیسز کی سماعت نہ ہوسکی جس میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا معطلی درخواستیں شامل تھیں، 190 ملین پاؤنڈ کیس 22 اپریل سماعت کے لیے مقرر تھا تاہم کاز لسٹ منسوخ ہوگئی۔گزشتہ ہفتے اسلام آباد میں درختوں کی کٹائی روکنے سے متعلق کیس کی سماعت بھی نہ ہوسکی، ہائیکورٹ کی بندش اور جوڈیشل ورک نہ ہونے سے درختوں کی کٹائی روکنے کا کیس بھی نہ ہوسکا۔دوسری جانب راولپنڈی (جی این ایم) راولپنڈی میں اڈیالہ جیل میں بجلی کی بندش کے باعث تاحال ملزمان کو بذریعہ ویڈیو لنک عدالتوں میں پیش نہ کیا جا سکا۔ملزمان کی عدم دستیابی کے باعث کیسز کی سماعت آگے نہ بڑھ سکی۔عدالت میں پیر کو ملزمان کو بذریعہ ویڈیو لنک پیش کیا جانا تھا تاہم پولیس نفری کی دیگر جگہ ڈیوٹیوں کے باعث پیش نہ کیا جا سکا۔

بقیہ / آواز نسل نو 12

جا رہا ہے، ایف سی کیمپ آفس کیلئے متبادل قانونی جگہ فراہم کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ تجاوزات اور قبضہ مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، کسی بھی سرکاری یا نجی ادارے کو سرکاری اراضی پر تعمیرات یا قبضے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ / آواز نسل نو 13

کہ دوسری جانب فحاشی اور عریانی کے اڈوں نے نسل

...معدنیات کی جیولوجیکل میپنگ، پلیسر گولڈ ایکسپلوریشن اور کریٹیکل منرلز کیلئے انٹیگریٹڈ جیو سائنس سروے و ڈیٹا ریپازیٹری کی تجویز دی گئی، جبکہ ضم اضلاع میں مائنز ریسکیو سیفٹی اور ٹریننگ سنٹرز کو مضبوط بنانے کیلئے بھی سکیم تجویز دی گئی۔

بقیہ / آواز نسل نو 19

TENDER NOTICE

The Construction of Road from Baiker to Mari Top (56 KM) District Dera Bugti. invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF ROAD FROM BAIKER TO MARI TOP (RD-0+000 TO 10+000)	2,393,216,250

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Taxpayer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 1,600,000,000 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Bid Security of 2% of estimated cost Tender processing fee of amount Rs. 1000 in account No. C02716 having head, PD, CRBM. PEC Category Code is C-1 and above (Up to 2500 million) and Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) CE01-(i) (Road and Pavements Drainage & Retaining Structure), **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **13 May, 2026** till **11:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **12:00 PM on EPPS System Address:** 81-A, Chaman Housing Scheme, Quetta Phone No: 081-2864466 Email: rafiqgda@gmail.com

PROJECT DIRECTOR
Construction of Road from Baiker to Mari Top (56 KM) District Dera Bugti.

AB No.1188/27-4-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526041029023 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Divisional Forest Officer Awaran invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work	E/Cost
1	3rd Year Maintenance 283 Cluster Plantation Hectares	5,660,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 3,962,000 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 12 May, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 12 May, 2026till 09:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:30 AM Address: Divisional Forest Officer Awaran Phone no: 0333370556
Fax no: 87678Email: nila1@gmail.com

DIVISIONAL FOREST OFFICER AWARAN

PRQ No.4770/27-04-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526041029053 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Divisional Forest Officer Awaran invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work	E/Cost
1	4th Year Maintenance Cluster Plantation 275 Hectares	4,125,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 2,887,500 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 12 May, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 12 May, 2026till 09:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:30 AM Address: Divisional Forest Officer Awaran Phone no: 0333370556
Fax no: 87678Email: nila1@gmail.com

DIVISIONAL FOREST OFFICER AWARAN

PRQ No.4771/27-04-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ملک مثبت سمت میں آگے بڑھ رہا ہے، مصطفیٰ کمال

ہیلتھ کیئر کا اصل مقصد لوگوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنا ہے، عوام متوازن غذا اپنائیں اور صحت مند طرز زندگی کو فروغ دیں تاکہ بیماریوں سے بچا جاسکے

دنیا پاکستان کی طرف دیکھ رہی ہے، صحت کے نظام کو بہتری حکومت کی اولین ترجیح، آبادی میں اضافہ بڑا چیلنج ہے، وفاقی وزیر صحت

کراچی (جی این ایم) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ [illegible]

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3پر)

تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری اولین ترجیح ہے، یونس عزیز زہری

ترقیاتی منصوبے نوجوان نسل کو آگے بڑھنے اور ضلع کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے

اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری کا ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ شہر کے ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ

خضدار (یو این اے) اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری [illegible]

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3پر)

[illegible]

خیبر پختونخوا کے صحافیوں کو بلاسود قرض فراہمی کیلئے سکیم تیار کرنے کی ہدایت

وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی زیر صدارت اجلاس، تمام جوڈیشل کمپلیکس میں ڈے کیئر سینٹرز کے قیام کی بھی ہدایت

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے صحافیوں کو بلا سود قرضوں کی فراہمی کیلئے سکیم تیار کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی زیر صدارت سالانہ ترقیاتی پروگرام 2026-27 سے متعلق اجلاس ہوا جس میں اطلاعات و تعلقات عامہ، سائنس ٹیکنالوجی و انفارمیشن ٹیکنالوجی، قانون، مائنز و منرلز اور لیبر ڈیپارٹمنٹس کے نئے منصوبوں پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں صحافیوں کو میڈیا پروڈکشن و براڈکاسٹنگ سیٹ اپس قائم کرنے کیلئے بلا سود قرضوں کی فراہمی کیلئے سکیم تیار کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ ... اپنے پلیٹ فارمز کے قیام میں آسانی ہوگی، صحافی خود مختار و با اختیار ہوں گے اور فرائض آزادانہ طور پر انجام دے سکیں گے۔ صحافیوں کیلئے میڈیا کالونیوں کے قیام اور ضم اضلاع میں پریس کلبوں کی بہتری کیلئے سکیمیں تجویز کرنے کی بھی ہدایت کی گئی۔ وزیر اعلیٰ نے تمام جوڈیشل کمپلیکس میں ڈے کیئر سینٹرز کے قیام کی بھی ہدایت کی، پشاور میں جوڈیشل

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3پر)

[illegible]

... بھنڈ شریف اہل خانہ کو یرغمال بنا کر سونا نقدی موبائل گاڑی لوٹ لیا۔ علاقے میں خوف ہراس۔ متعلقہ پولیس نے حسب روایت تفتیش شروع کر دی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3پر)

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی محمود خان اچکزئی سے ملاقات

پشاور (جی این ایم) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے پیر کے روز قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی رہائش گاہ پر اہم ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ ہاؤس پشاور کے ترجمان کے مطابق ملاقات میں علامہ ناصر عباس، اسد قیصر، مصطفیٰ نواز

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3پر)

اوتھل، کروڑوں کی لاگت سے تعمیر ہونے والا گدڑی چینل منصوبہ کھٹائی میں پڑ گیا، زمیندار پریشان

اوتھل [illegible] کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے گدڑی چینل کا منصوبہ بد انتظامی اور غفلت کا شکار ہو کر رہ گیا ہے۔ کئی سالوں کا عرصہ گزر گیا لیکن محکمہ ایریگیشن کے متعلقہ افسران اور ٹھیکیدار کی ملی بھگت اور عدم دلچسپی کے باعث یہ اہم زرعی منصوبہ تاحال مکمل نہ ہو سکا، جس سے علاقے کے زمیندار سخت مشکلات سے دوچار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کی پسماندہ تحصیل لاکھڑا جہاں کی زیادہ تر آبادی کا انحصار زراعت اور بارانی پانی پر ہے۔ گدڑی چینل ... سیراب کرنا تھا، مگر تاسف کہ منصوبہ صرف کاغذی کارروائیوں اور فوٹو سیشن تک محدود ہو کر رہ گیا ہے۔ مقامی زمینداروں کا کہنا ہے کہ کام ادھورا چھوڑ دیا گیا ہے اور اب ٹھیکیدار اسے مکمل کرنے میں مسلسل ٹال مٹول سے کام لے رہا ہے محکمہ ایریگیشن لسبیلہ کے افسران بھی دورہ کر کے صرف تصاویر بناتے ہیں اور سوشل میڈیا پر جلد مکمل کرنے کے وعدے دہرائے جاتے ہیں، مگر عملی طور پر کوئی پیش رفت نظر نہیں

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3پر)

اسٹیٹ بینک نے شرح سود میں 100 بیسز پوائنٹ کا اضافہ کر دیا

... پالیسی میں 100 بیسز پوائنٹ اضافہ کیا جس کے بعد شرح سود 10 اعشاریہ 50 فیصد سے بڑھ کر 11 اعشاریہ 50 فیصد ہو گئی

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3پر)

کوئٹہ بازار میں موبائل چھیننے کی کوشش ناکام، شہریوں نے ملزم دھر لیا

اسٹریٹ کرائمز میں اضافے پر عوامی غصہ، مشتعل ہجوم کا ملزم پر تشدد

... شہریوں کی بروقت مداخلت کے باعث ناکام بنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ایک نامعلوم ملزم نے ایک شہری سے موبائل فون چھیننے کی کوشش کی، تاہم متاثرہ شخص کی مزاحمت اور موقع پر موجود لوگوں کی فوری کارروائی کے نتیجے میں ملزم کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا گیا عینی شاہدین کے مطابق جیسے ہی ملزم نے واردات کی کوشش کی، متاثرہ شہری نے شور مچایا جس پر ارد گرد موجود افراد فوراً متحرک ہو گئے اور ملزم کو فرار ... ہو گیا واقعے کے بعد علاقے میں کافی دیر تک ہلچل رہی جبکہ شہریوں کی بڑی تعداد موقع پر جمع ہو گئی۔ مقامی لوگوں کا کہنا تھا کہ شہر میں اسٹریٹ کرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے عوام کو عدم تحفظ کا شکار کر دیا ہے، جس کے باعث لوگ خود ہی ملزمان کو پکڑنے پر مجبور ہو رہے ہیں علاقہ مکینوں نے انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3پر)

آئندہ مالی سال کیلئے ایجوکیشن سیکٹر کے ترقیاتی بجٹ میں بڑا اضافہ تجویز

لاہور (جی این ایم) آئندہ مالی سال 2026-27 میں ایجوکیشن سیکٹر کے ترقیاتی بجٹ میں بڑا اضافہ تجویز کیا گیا ہے۔ تعلیم کے لیے مجموعی بجٹ 146 ارب سے بڑھا کر 171 ارب روپے کرنے کا پلان ہے، رواں مالی سال کے مقابلے میں 25 ارب

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3پر)

153 سال پرانے کرسچن میرج ایکٹ میں ترمیم کا بل پنجاب اسمبلی میں جمع

مجوزہ بل کی تیاری میں چرچ سے مشاورت نہیں کی گئی، مسیحی مذہبی رہنما

لاہور (جی این ایم) پنجاب اسمبلی میں 153 سال پرانے کرسچن میرج ایکٹ میں ترمیم کے لیے بل جمع کرا دیا گیا۔ تفصیل کے مطابق کرسچن میرج ایکٹ میں ترمیمی بل سے متعلق مسیحی مذہبی رہنماؤں اور قانونی ماہرین نے کہا ہے کہ صرف شادی کی عمر بڑھانا کافی نہیں بلکہ طلاق، تنسیخ نکاح، وراثت، بچوں کی کفالت اور علیحدگی سے متعلق مکمل قانونی اصلاحات کی ضرورت ہے جبکہ مسیحی مذہبی رہنماؤں کا کہنا ہے مجوزہ بل کی تیاری میں چرچ سے مشاورت نہیں کی گئی۔ ترمیمی بل چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اقلیتی امور فیلبوس کرسٹوفر کی جانب سے پنجاب اسمبلی میں پیش کیا گیا۔ مجوزہ بل کے مطابق مسیحی شادی کے لئے دلہا اور دلہن دونوں کا مسیحی ہونا لازمی ہوگا جبکہ موجودہ قانون میں کسی ایک فریق کا مسیحی ہونا کافی سمجھا جاتا ہے۔ بل میں لڑکے اور لڑکی دونوں کی کم از کم شادی کی عمر 18 سال مقرر کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ موجودہ قانون کے تحت

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3پر)

ملک میں ایچ آئی وی کے بڑھتے کیسز کا معاملہ پارلیمنٹ پہنچ گیا

اسلام آباد (جی این ایم) تونسہ اور ملک کے دیگر علاقوں میں ایچ آئی وی کے بڑھتے کیسز کا معاملہ پارلیمنٹ پہنچ گیا۔ سینیٹر سرمد علی نے ایچ آئی وی کیسز میں تشویشناک اضافے پر توجہ دلاؤ نوٹس سینیٹ جمع کروا دیا۔ توجہ دلاؤ نوٹس میں ایچ آئی وی کیسز میں

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3پر)

سابق وزیر اعلیٰ کے فنڈز سے واٹر بورز منصوبوں میں مبینہ کرپشن، جاموٹ برادری کا اظہار تشویش

ناقص میٹریل کا استعمال اور کروڑوں روپے کے ضیاع کا خدشہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان تحقیقات کا حکم دیں، کمال خان حسین

اوتھل (یو این اے) جاموٹ برادری گجری کے معتبر شخصیت کمال خان حسین نے اپنے جاری کردہ بیان میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما معروف قبائلی شخصیت وڈیرہ محمد حسن جاموٹ کی تجویز پر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو کے فنڈز سے تمام واٹر بورز منصوبوں میں مبینہ بے ضابطگیوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ واٹر بور کا کام خرد برد ہو گئے ہیں اور کروڑوں روپے ضائع ہونے کا خدشہ ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وڈیرہ محمد حسن جاموٹ کی تجویز پر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کے فنڈز سے لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں دیے گئے واٹر بورز تاحال مکمل نہیں ہو سکے اور کام میں خرد برد ہوا ہے انہوں نے کہا کہ منصوبے یا تو ادھورے ہیں، یا ان میں ناقص میٹریل استعمال کیا گیا ہے، جبکہ کئی جگہوں پر طے شدہ گہرائی کے بجائے کم گہرائی تک کھدائی کی گئی۔ کمال خان حسین نے کہا۔ کہ متعلقہ محکمے کے افسران، خصوصاً ایکسئن پی ایچ ای، عوام سے مناسب رویہ اختیار نہیں کرتے اور شکایات کو سنجیدگی

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3پر)

منظم جدوجہد سے پشتون قوم کی خوشحالی ممکن ہے، حاجی دارا خان جوگیزئی

پارٹی نوجوانوں کے حقوق کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی، شمولیتی تقریب سے رہنماؤں کا خطاب

قلعہ سیف اللہ (اے این این) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام شمولیتی پروگرام منعقد ہوا۔ میر زئی کے علاقہ سوم اور شنکئی میں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے اجتماعی طور پر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ جس میں مجموعی طور پر 58 افراد نے اپنی سابقہ جماعتوں سے مستعفی ہو کر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا حصہ بننے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر علاقائی صدر قیوم میرزئی اور عبیداللہ مخیل، شنکئی، علاقہ صدر خدائیداد حیدرزئی نے نئے شامل ہونے والے افراد کا پرتپاک استقبال کیا اور اسے پارٹی پر عوام کے بڑھتے ہوئے اعتماد کا مظہر قرار دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ضلع صدر حاجی دارا خان جوگیزئی نے کہا کہ پشتون قوم ترقی کے میدان میں پہلے ہی کافی پیچھے رہ چکی ہے، اور اب یہ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم متحد ہو کر، سیاسی شعور کے ساتھ، اپنے لوگوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی قوم کو

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3پر)

آئینی عدالت جج کا فل کورٹ اجلاس، جلد فیصلے، بیک لاگ ختم کرنے پر زور

اسلام آباد (جی این ایم) چیف جسٹس امین الدین سربراہی میں وفاقی آئینی عدالت ججز کا فل کورٹ اجلاس ہوا۔ فل کورٹ اجلاس میں آئینی عدالت ججز و رجسٹرار حفیظ اللہ خان نے شرکت کی، اجلاس میں عدالتی کارکردگی بہتر بنانے اور اہم فیصلوں پر غور کیا

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3پر)

وقت آ گیا ہے بانی پی ٹی آئی کی رہائی تحریک کو متحرک کیا جائے، بیرسٹر گوہر

کارکنوں اور ممبران کو بانی پی ٹی آئی کے نظریے پر ڈٹ کر کھڑا رہنے پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں

تحریک انصاف اپنے رہنماؤں اور کارکنوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی، چیئرمین پی ٹی آئی کی گفتگو

فیصل آباد (اے این این) پی ٹی آئی کے قائم مقام چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ اب وقت آ گیا ہے بانی پی ٹی آئی کی رہائی تحریک کو متحرک کیا جائے، کارکنوں اور ممبران کو بانی پی ٹی آئی کے نظریے پر ڈٹ کر کھڑا رہنے پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں تحریک انصاف اپنے رہنماؤں اور کارکنوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی، جنید افضل ساہی سے ہونے والی ناانصافی کے خلاف ہر فورم پر آواز اٹھا

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3پر)

جنوبی افریقہ اور پاکستان کے تعلقات مستقبل میں مزید مستحکم ہوں گے، صدر زرداری

پاکستان جنوبی افریقہ کے ساتھ اپنے دوستانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے جو کہ مشترکہ اقدار، باہمی اعتماد، اور امن، ترقی و کثیر الجہتی تعاون کے مشترکہ عزم پر مبنی ہیں

1948 میں ہی پاکستان نے جنوبی افریقہ کی نسل پرست حکومت کیساتھ ساتھ اسرائیل کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا، کی جنوبی افریقہ کے قومی دن پر مبارکباد

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جنوبی افریقہ کی قیادت کو قومی دن پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان جنوبی افریقہ کے ساتھ اپنے دوستانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان موجودہ تعلقات مستقبل میں مزید مستحکم ہوں گے۔ ایوان صدر سے جاری پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے جنوبی افریقہ کے

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3پر)

کوئٹہ: ایک خاتون اپنے خاندان کی کفالت کے لیے سڑک پر گاڑیوں کی صفائی کے لیے کپڑے بیچ رہی ہیں

پہلگام فالس فلیگ، بھارت سکیورٹی پر اٹھنے والے سوالات کا جواب دینے سے قاصر

سری نگر (جی این ایم) پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد بھارت سکیورٹی اور انٹیلی جنس ناکامی پر اٹھنے والے کڑے سوالات کا جواب دینے سے قاصر ہو گیا۔ پہلگام فالس فلیگ آپریشن میں مجرمانہ سکیورٹی غفلت اور نااہلی پر کڑے سوالات کا بھارت آج تک جواب نہ دے سکا، جبکہ بی جے پی کی پہلگام فالس فلیگ کی منظم سازش کیخلاف بھارتی عوام نے بھی سنجیدہ سوالات اٹھائے۔ بھارتی عوام نے داخلی مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے بی جے پی کے پرانے ہتھکنڈے کو یکسر مسترد کیا، تاہم بی بی سی نے بھی پہلگام فالس فلیگ کے ڈرامے پر کئی سوالات اٹھائے جن کے جوابات مودی سرکار آج تک نہیں دے سکی۔ 7 لاکھ سے زائد بھارتی فوج کے باوجود ہونے والے واقعے پر بھارتی عوام نے مودی حکومت اور سکیورٹی ناکامی کو مورد الزام ٹھہرایا، جبکہ کشمیر کے

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3پر)

کوئٹہ: آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کا نیشنل پولیس اکیڈمی میں اسپیشلائزڈ کورس کے زیر تربیت پولیس افسران کی سینٹرل پولیس آفس کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

امریکا میں چھوٹا طیارہ گر کر تباہ، پائلٹ سمیت 2 ہلاک

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی ریاست نارتھ ڈکوٹا میں چھوٹا طیارہ گر کر تباہ ہونے کے نتیجے میں پائلٹ اور ایک امریکی خاتون ہلاک ہو گئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی حکام کا کہنا ہے کہ طیارہ شمالی مینیپولس کے کرسٹل ایئرپورٹ سے پرواز کے فوری بعد حادثے کا شکار ہو گیا۔ بروکلین پارک پولیس کا کہنا ہے کہ حادثے کی اطلاع مقامی وقت کے مطابق صبح 11 بجکر 51 منٹ پر موصول ہوئی۔ گرنے کے فوری بعد طیارے میں آگ لگ گئی۔ امریکی نیشنل ٹرانسپورٹیشن سیفٹی بورڈ نے بتایا کہ حادثے کی تحقیقات شروع کر دی گئیں۔ امریکی ریاست نارتھ ڈکوٹا میں چھوٹا طیارہ گر کر تباہ ہونے کے نتیجے میں پائلٹ اور ایک امریکی خاتون ہلاک ہو گئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی حکام کا کہنا

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3پر)

آبنائے ہرمز سے متعلق امریکا کو رائے دینے کا حق نہیں، ایرانی کمانڈر جعفر اسدی

لبنان میں حزب اللہ کی حمایت جاری رہے گی، پاسداران انقلاب کا اعلان

تہران (جی این ایم) ایرانی خاتم الانبیا ہیڈ کوارٹرز کے نائب کمانڈر جنرل محمد جعفر اسدی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے متعلق امریکہ کو رائے دینے کا حق نہیں۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک بیان میں نائب کمانڈر خاتم الانبیا ہیڈ کوارٹرز جنرل محمد جعفر اسدی نے کہا کہ دشمن کی کسی بھی غلطی کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا، امریکا سے کہتے ہیں ایران وینزویلا نہیں۔ جعفر اسدی کا مزید کہنا تھا کہ دشمن ایران کے تیل کے وسائل پر قبضہ کرنا چاہتا ہے، ایران اور اس کی عظیم قوم دشمن سے مقابلے کیلئے متحد ہے۔ دوسری جانب پاسداران انقلاب کی قدس فورس کے کمانڈر اسماعیل قانی نے کہا ہے کہ لبنان میں حزب اللہ کی حمایت جاری رہے گی۔ ایک بیان میں اسماعیل قانی نے کہا کہ مزاحمتی محاذ کے درمیان اتحاد پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہو چکا ہے، آج ہماری توجہ حزب اللہ اور مزاحمتی محاذ کے دیگر عناصر کی حمایت پر مرکوز ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تاریخ گواہ ہے کہ صہیونی ریاست نے حالیہ دہائیوں میں کسی بھی جنگ کو اپنے مقاصد حاصل کر کے ختم نہیں کیا، جنوبی لبنان میں شکست اسی تاریخی تسلسل کا حصہ ہے۔

چانگشا، چین: صدر آصف علی زرداری ایک خصوصی تقریب کے دوران پروفیسر شیانگ بیون (XiangbionProfg) کو ستارہ پاکستان عطا کر رہے ہیں

پشتونخوامیپ کا ساقی جان، وزیر آکا، پیروان، امان اللہ کی شہادت کی 26 ویں برسی پر خراج عقیدت

پشتونخوامیپ قیام پاکستان سے لیکر آج تک ملک کے ہر جمہوری تحریک میں صف اول کا کردار ادا کرتی رہی ہے

کوئٹہ (اے این این) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں 27 اپریل 2000 میں پشتون آباد کے پارٹی کے کارکنوں ساقی جان، وزیر آکا، پیروان، امان اللہ کی شہادت کی 26 ویں برسی کے موقع پر ان کی جدوجہد اور قربانیوں پر پارٹی انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوامیپ اور اس کے اکابرین متحدہ ہندوستان، قیام پاکستان سے لیکر آج تک ملک کے ہر جمہوری تحریک میں صف اول کا کردار ادا کرتی رہی ہے اور اس راہ میں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا۔ پارٹی کی درست سیاسی جمہوری موقف آج ملک کے سیاسی جمہوری پارٹیوں اور جمہوری قوتوں کا بیانیہ بن چکا ہے اور پارٹی چیئرمین وتحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی سربراہی میں ملک کی بڑی اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، جمہوری کی حکمرانی، سیاست میں فوجی اداروں کی مداخلت کے خلاف اور قوموں کی برابری پر مبنی حقیقی فیڈریشن کے قیام کی جدوجہد میں صف اول کا کردار ادا کر رہی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کو آئین دینے، ون مین ون ووٹ کے حصول اور جمہوری حکمرانی کے مطالبات پر خان شہید عبدالصمد خان

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3پر)

ایران کے پاس صرف 3 دن، اس کے بعد ان کا تیل انفراسٹرکچر ختم ہو جائے گا، ٹرمپ

ایران کے ساتھ جاری جنگ جلد ختم ہو جائے گی، اس صورت حال میں امریکا کو فتح حاصل ہوگی، ایران بات چیت چاہتا ہے تو وہ براہ راست فون کے ذریعے رابطہ کر سکتا ہے

چین سے زیادہ مایوس نہیں لیکن بیجنگ اس معاملے میں مزید تعاون کر سکتا ہے، جنگ کے خاتمے کے بعد برطانیہ نے بحری جہاز بھیجنے کی پیشکش کی تو یہ ایک غیر مناسب اقدام تھا

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو ایک بار پھر دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کے پاس صرف 3 دن ہیں، اس کے بعد ان کا تیل انفراسٹرکچر ختم ہو جائے گا، امریکی صدر نے حملہ آور کو ذہنی بیمار شخص قرار دیتے ہوئے کہا کہ حملہ آور کے گھر والے جانتے تھے کہ اسے مشکلات درپیش تھیں۔ امریکی نشریاتی ادارے فوکس نیوز کو دیئے گئے انٹرویو میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3پر)

بحری قزاقوں کی قید میں موجود پاکستانی لاوارث نہیں، رہائی کے اقدامات کر رہے ہیں، گورنر سندھ

حکومت پاکستان ان کے اہلخانہ کی دیکھ بحال کرے گی، نہال ہاشمی کی پر اہل خانہ کے ہمراہ پریس کانفرنس

کراچی (جی این ایم) گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ پاکستانی صومالی بحری قزاقوں کی قید میں ہیں لیکن وہ لاوارث نہیں ہیں، حکومت پاکستان ان کے اہلخانہ کی دیکھ بحال کرے گی۔ خلیج عدن میں آئل ٹینکر پر صومالی بحری قزاقوں کا قبضہ اور 11 پاکستانیوں کو قید کرنے کے واقعے پر اہل خانہ کے ہمراہ گورنر ہاؤس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے صوبائی گورنر نے کہا کہ صومالیہ میں بحری قزاقوں کی قید میں پھنسے افراد کے اہلخانہ گورنر ہاؤس آئے ہیں، میرے علم میں یہ بات آئی کہ بحری قزاقوں نے جہاز کو اغوا کر لیا ہے اور ان لوگوں نے پاکستانیوں کو بھی یرغمال بنا لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری وزیر بحری امور اور سیکرٹری خارجہ سے بھی بات ہوئی ہے، ہمارا سفارتخانہ ان سے مکمل رابطے میں ہے اور ان کو اختیار دے دیا ہے کہ وہ رہائی کے اقدامات کریں، یورپی یونین کی تنظیموں سے رابطہ کیا گیا ہے اور اس معاملے پر خاموشی نہیں بلکہ کام کیا جا رہا ہے۔ نہال ہاشمی نے کہا کہ جہاز صومالیہ کا تھا اور جہاز کا کپتان انڈونیشیائی ہے، پاکستان اپنے شہریوں کی رہائی کے لیے اقدامات کر رہا ہے اور مثبت ڈویلپمنٹ ہو رہی ہے۔ بحری قزاقوں کے قبضے میں پاکستانیوں نے اہل خانہ سے رابطہ بھی کیا ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ بحری قزاقی کا معاملہ ان کا ذاتی معاملہ ہے کیونک

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3پر)

امریکا میں ریسٹورنٹ کے باہر فائرنگ سے دو افراد زخمی، حملہ آور فرار

واشنگٹن (جی این ایم) امریکہ میں آسٹن کے مشرقی علاقے میں فائرنگ کا ایک واقعہ پیش آیا جس میں دو افراد زخمی ہو گئے جبکہ حملہ آور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ اتوار کی رات تقریباً 8 بجے سیم بار بی کیو ریسٹورینٹ کے باہر پیش آیا، جہاں اچانک فائرنگ شروع ہو گئی۔ اس وقت قریبی مقام پر ایک سنڈے فن ڈے ایونٹ جاری تھا جس میں موسیقی اور کھانے کا انتظام تھا، تاہم ابھی تک یہ واضح نہیں ہو سکا کہ فائرنگ کا اس تقریب سے کوئی تعلق تھا یا نہیں۔ ریسکیو اہلکار فوری طور پر موقع پر پہنچے اور دو زخمی افراد کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔ دونوں افراد کی حالت کے بارے میں مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ پولیس کے مطابق واقعے کی تحقیقات جاری ہیں اور فی الحال عوام کو کسی فوری

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3پر)

کوئٹہ، تعلیمی خدمات کے اعتراف میں ہدہ کونسل کے زیر اہتمام اساتذہ کے اعزاز میں تقریب

نئی تعلیمی قیادت سرکاری اسکولوں کا معیار بہتر بنانے کے لیے کلیدی کردار ادا کرے، ایڈووکیٹ سلیم بلوچ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے علاقے ہدہ، منو جان روڈ پر تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ اور اساتذہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ہدہ کونسل کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ یہ تقریب گورنمنٹ جامعہ ہائی سکول کے نئے پرنسپل اور گورنمنٹ بوائز سینٹرل پرائمری سکول میں نئے تعینات ہونے والے اساتذہ کے اعزاز میں دی گئی، جس میں علاقہ معتبرین اور معززین شہر نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کی صدارت ہدہ کونسل کے جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ سلیم بلوچ نے کی جبکہ صدر عزیز احمد لانگو، عہدیداران بابو جان لاشاری، ایڈووکیٹ منور کاسی اور سید خالد شاہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ علاقہ معتبرین میں ارباب باچا خان کاسی، ماما منیر مینگل، میر طاہر لہڑی اور سادات برادری سے سید سلیم شاہ سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے اساتذہ کی پذیرائی کی۔ تقریب کے دوران شرکا نے نئے تعینات ہونے والے پرنسپل اور اساتذہ کو خوش آمدید کہا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں اس امید کا اظہار کیا کہ نئی تعلیمی قیادت علاقے میں علم کی شمع روشن کرنے اور سرکاری اسکولوں کے تعلیمی معیار کو جدید تقاضوں کے مطابق استوار کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اساتذہ کی حوصلہ افزائی ہی

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3پر)

اسلام آباد، راولپنڈی سمیت کے پی کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے

زلزلے کی شدت 5.7 ریکارڈ، جانی اور مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

اسلام آباد، پشاور (جی این ایم) اسلام آباد راولپنڈی سمیت خیبر پختونخوا کے متعدد علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر سکیل پر زلزلے کی شدت 5.7 ریکارڈ کی گئی، زلزلے کا مرکز افغانستان تاجکستان کا سرحدی علاقہ تھا، جبکہ زلزلہ 170 کلومیٹر گہرائی میں آیا۔ زلزلہ جڑواں شہروں، پشاور، سوات، بونیر، چترال، نو

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3پر)

ٹینک تباہ ہونے سے 8 کروڑ لیٹر تک ایندھن ضائع ہوا، گورنر تہران

پانی، بجلی، گیس اور ایندھن کے استعمال کو منظم کرنے کے لیے عوامی سطح پر شرکت کی اپیل

تہران (جی این ایم) تہران کے گورنر محمد صادق معتمدین کا کہنا ہے کہ ٹینک تباہ ہونے سے 8 کروڑ لیٹر تک ایندھن ضائع ہو گیا۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق تہران کے گورنر نے حالیہ بیان میں کہا ہے کہ رواں سال تہران میں ذخیرہ کرنے والے ٹینکوں کی تباہی کے بعد تقریباً 8 کروڑ لیٹر ایندھن ضائع ہوا ہے۔ محمد صادق معتمدین نے پانی، بجلی، گیس اور ایندھن کے استعمال کو منظم کرنے کے لیے عوامی سطح پر شرکت کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ ٹریفک میں کمی اور پبلک ٹرانسپورٹ کے بڑھتے ہوئے استعمال کے باعث ایندھن کی کھپت میں تقریباً 50 فیصد کمی آئی ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ کسی بھی پیٹرول پمپ کو بند نہیں کیا گیا۔ تہران کے گورنر محمد صادق معتمدین کا کہنا ہے کہ ٹینک تباہ ہونے سے 8 کروڑ لیٹر تک ایندھن ضائع ہو گیا۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق تہران کے گورنر نے حالیہ بیان میں کہا ہے کہ رواں سال تہران میں ذخیرہ کرنے والے ٹینکوں کی تباہی کے بعد تقریباً 8 کروڑ لیٹر ایندھن ضائع ہوا ہے۔ محمد صادق معتمدین نے پانی، بجلی، گیس اور ایندھن کے استعمال کو منظم کرنے کے لیے عوامی سطح پر شرکت کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ ٹریفک میں کمی اور پبلک ٹرانسپورٹ کے بڑھتے

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3پر)

پاک فوج، ایف ڈبلیو او اور پی اے اے کی کاوشوں سے پارہ چنار ایئرپورٹ دوبارہ فعال

پشاور (جی این ایم) پاک فوج، فرنٹیئر ورکس اور پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے طویل عرصے سے غیر فعال خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں پاڑہ چنار ایئرپورٹ کو دوبارہ فعال کر دیا۔ ایف ڈبلیو او کی جانب سے ایئرپورٹ کی اپگریڈیشن کے بعد پاک آرمی ایوی ایشن کی جانب سے آپریشنل لینڈنگ اور ٹیک آف ٹرائلز کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ تفصیل کے مطابق خیبر پختونخوا کے علاقے پاڑہ چنار میں واقع ایئرپورٹ جو طویل عرصے سے غیر فعال تھا، اب فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن کی جانب سے کی گئی اپگریڈیشن کے بعد دوبارہ فعالیت کے مراحل میں داخل ہو چکا ہے، پاڑہ چنار ایئرپورٹ کی تعمیر و مرمت علاقے میں ایئر ٹرانسپورٹ کی بحالی کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ پاک آرمی ایوی ایشن کے جانب سے تعمیراتی و اپگریڈیشن ورک کے معیار، رن

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3پر)

آبنائے ہرمز کا یونیورسٹی روڈ سے موازنہ، سوشل میڈیا پر میمز کا طوفان

یونیورسٹی روڈ شہریوں کے لیے نہ ختم ہونے والا امتحان، بڑے بڑے گڑھے، دھول مٹی عذاب بن گیا

کراچی (جی این ایم) آبنائے ہرمز کا یونیورسٹی روڈ سے موازنہ، سوشل میڈیا پر میمز کا طوفان آ گیا۔ کیا آبنائے ہرمز اور کراچی یونیورسٹی روڈ کا آپس میں کوئی تعلق ہے؟ یقیناً نہیں، لیکن کراچی میں اس کا موازنہ اب زبان زد عام ہے، کیونکہ جب سے بی آر ٹی ریڈ لائن کا تعمیراتی کام شروع ہوا ہے، یونیورسٹی روڈ پر سفر کرنا شہریوں کو لیے کسی امتحان سے کم

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3پر)

فلسطینی بلدیاتی انتخابات میں صدر محمود عباس کے حامی امیدوار اکثریت میں کامیاب

مقبوضہ بیت المقدس (جی این ایم) فلسطینی بلدیاتی انتخابات میں صدر محمود عباس کے حامی امیدواروں نے اکثریتی نشستیں حاصل کر لیں، جبکہ تقریباً 2 دہائیوں بعد پہلی بار غزہ کے ایک شہر میں بھی ووٹنگ کرائی گئی۔ فلسطینی حکام کے مطابق یہ انتخابات نہایت حساس حالات، متعدد چیلنجز اور غیر معمولی صورتحال میں منعقد ہوئے، غزہ میں اسرائیلی جنگ کے آغاز اکتوبر 2023 کے بعد یہ پہلا انتخابی عمل تھا، جبکہ مجموعی طور پر غزہ میں 2006 کے بعد پہلی مرتبہ انتخابات ہوئے۔ مرکزی غزہ کے شہر دیر البلح میں ہونے والی ووٹنگ کو علامتی اہمیت دی گئی، جس کا مقصد یہ پیغام دینا تھا کہ غزہ مستقبل کی فلسطینی ریاست کا لازمی حصہ ہے، ابتدائی نتائج کے مطابق دیر البلح میں عباس کی جماعت فتح اور فلسطینی اتھارٹی کی حمایت یافتہ فہرست نے 15 میں سے 6

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3پر)

خانہ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران، کوئٹہ میں "قائدِ شہیدِ امتِ مسلمہ" کی یاد میں کثیر اللسانی محفلِ مشاعرہ

بلوچستان کی اقوام کی بے مثال وحدت اور ایالتِ بلوچستان میں جمہوری اسلامی ایران کی کامیاب ثقافتی سفارت کاری کا مظہر

کوئٹہ (اے این این) ایک نادر و نایاب ادبی تقریب، جو برصغیر کی اقوام کے درمیان گہرے ثقافتی اور مذہبی تعلقات کی عکاس تھی، خانہ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران، کوئٹہ کے زیر اہتمام منعقد ہوئی۔ اس موقع پر صوبہ بلوچستان کی ادبی اشرافیہ اور نامور سیاسی شخصیات نے ایک بے مثال اجتماع میں "قائدِ شہیدِ امتِ اسلامی" حضرت امام خامنہ ای (رہ) کے بلند مقام کو شاندار الفاظ میں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس کثیر اللسانی ادبی محفل کا عنوان "فراقِ قائد، خروشِ غیرت؛ شبِ شعرِ ہمبستگیِ امت خلافِ استکبار" (قائد کی جدائی، غیرت کا جوش؛ استکبار کے خلاف امت کی یکجہتی کی شام) تھا۔ یہ تقریب جمعہ، بمطابق اپریل 2026 کو شام 4 بجے خانہ فرہنگ ایران کے "امام خامنہ ای" ہال میں منعقد ہوئی۔ اس نشست کی اہمیت محض ایک روایتی تعزیتی تقریب تک محدود نہ تھی۔ تقریب میں بلوچستان کے ممتاز ادبی اداروں کے سربراہان اور نامور شخصیات، بالخصوص سابق رکن سینیٹ اور سابق وفاقی وزیر جناب سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ کی موجودگی نے اس محفل کو وہ سیاسی اور تزویراتی (Strategic) وزن عطا کیا جو شہر کوئٹہ میں کم ہی دیکھنے کو ملتا

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3پر)

نائب وزیر اعظم کے اعلان کے باوجود اسلام آباد متعدد علاقوں کے راستے بدستور بند

اسلام آباد ہائیکورٹ 12 روز بعد کھل گئی، سینکڑوں کیسز التوا کا شکار، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے اڈیالہ جیل میں عدالتی کارروائی متاثر

اسلام آباد، راولپنڈی (جی این ایم) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کے باضابطہ اعلان کے باوجود اولڈ ایئرپورٹ روڈ کی گلیاں بدستور بند ہیں۔ ایران اور امریکی وفد کی اسلام آباد آمد کے موقع پر گزشتہ 8 روز سے گلیاں بند تھیں جس کے سبب اسکولز دفاتر جانے والوں کو شدید تکلیف کا سامنا رہا۔ ناکے پر موجود پولیس اہلکاروں کا موقف

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3پر)

اسلحہ کی دوڑ تیز، ایشیائی ممالک کے دفاعی بجٹ میں بڑا اضافہ ریکارڈ

پاکستان کے فوجی اخراجات 11 فیصد بڑھ کر 11.9 بلین ڈالر ہو گئے، بھارت کا پانچواں نمبر، رپورٹ

واشنگٹن (جی این ایم) ایشیائی ممالک کے عسکری اخراجات میں حیران کن حد تک سالانہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جو 2009 کے بعد سے سب سے زیادہ ہے۔ اسٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (سپری) کے شائع کردہ اعداد و شمار کے مطابق 2025 میں ایشیائی ممالک کے فوجی اخراجات 681 بلین ڈالر تک پہنچ گئے ہیں جو اس سے پچھلے سال کے مقابلے میں 8.1 فیصد زیادہ ہے اور 2009 کے بعد سب سے بڑا سالانہ اضافہ ہے۔ 2025 میں مجموعی طور پر دنیا کے فوجی اخراجات 2.887 ٹریلین ڈالر تک پہنچے جو کہ 2024 کے مقابلے میں حقیقی معنوں میں 2.9 فیصد زیادہ ہے۔ فوجی اخراجات میں ابھی تک امریکا، چین اور روس 1.480 ٹریلین ڈالر یعنی عالمی سطح کے 51 فیصد کے مشترکہ اخراجات کے ساتھ سب سے زیادہ عسکری اخراجات والے ممالک ہیں۔ چین جو دنیا کا دوسرا سب سے بڑا عسکری اخراجات والا ملک ہے نے اپنے فوجی اخراجات میں 7.4 فیصد اضافہ کر کے 336 بلین ڈالر کر دیا ہے، یہ مسلسل 31 واں سال بہ سال اضافہ ہے کیونکہ چین نے اپنی عسکری جدید کاری کی مہم جاری رکھی

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3پر)

ایشیائی اسٹاک مارکیٹس میں تیزی ریکارڈ، پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا منفی رجحان

کراچی (جی این ایم) نئے کاروباری ہفتے کے آغاز پر پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا منفی رجحان ہے جبکہ ایشیائی اسٹاک مارکیٹس میں تیزی دیکھنے میں آئی۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں نئے کاروباری ہفتے کے آغاز پر کاروبار کا منفی رجحان ہے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 100 انڈیکس 0.7 فیصد کم ہے اور 100 انڈیکس 1199 پوائنٹس کمی سے 169472 پر ٹریڈ کر رہا ہے۔ دوسری جانب ایشیائی اسٹاک مارکیٹس میں کاروبار کا مثبت رجحان ہے۔ جاپان کے نکئی انڈیکس میں 1.6 فیصد اضافہ دیکھا گیا جبکہ کورین کاسپی 2.3 فیصد اضافے پر ہے۔ اسی طرح تھائی لینڈ کا سیٹ میں 1 فیصد اضافہ ہے جبکہ شنگھائی اسٹاک ایکسچینج میں 0.15 اور ہانگ کانگ کے ہینگ سینگ میں 0.25 اضافہ ہے۔

کوئٹہ۔ بے نظیر فلائی اوور کے قریب جوار میں انتظامیہ کی عدم توجہی کی وجہ چوک اور شاہراہیں کچرہ کنڈی میں بدل چکی ہیں۔ علی بابا

15 فلسطینی قیدیوں کو تشدد اور بھوک زدہ حالت میں اسرائیلی قید سے رہائی مل گئی

غزہ (جی این ایم) اسرائیل نے جنوبی غزہ کی پٹی میں کیرم شالوم کراسنگ کے ذریعے 15 فلسطینی قیدیوں کو رہا کیا جن میں سے کئی زخمی اور بھوک زدہ حالت میں تھے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ رہائی اس وقت سامنے آئی ہے جب اسرائیل نے گزشتہ دو سالوں کے دوران غزہ سے حراست میں لیے گئے ہزاروں فلسطینیوں کو حراست میں رکھا ہوا ہے اور انسانی حقوق کے گروپوں اور دستاویزی شہادتوں سے اس بات کی تصدیق ہوئی ہے کہ حراست میں لیے گئے افراد کو انسانی بنیادوں پر کم سے کم سہولیات میں رکھا جاتا ہے اور انہیں تشدد، بھوک اور طبی غفلت کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ 15 زیر حراست فلسطینیوں کو کریم شلوم کراسنگ کے ذریعے منتقل کیا گیا اور وہ ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی کے ہمراہ سینٹرل انکلیو کے دیر البلاح میں واقع الاقصی شہد

30

کوئٹہ، منشیات اور فحاشی کے بڑھتے رجحانات پر جمعیت علما اسلام کا اظہار تشویش

جناح روڈ اور سرکلر روڈ سمیت مصروف شاہراہوں پر کھلے عام برائیاں نسل نو کی تباہی کا سبب بن رہی ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل، شاہ زاہد مشوانی نے اخباری بیان میں کہا ہے کہ منشیات، شراب نوشی اور بے راہ روی کے بڑھتے ہوئے رجحانات نے معاشرتی اقدار کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے اور افسوسناک امر یہ ہے کہ ان برائیوں کی روک تھام کے بجائے انتظامیہ مبینہ طور پر سہولت کار کا کردار ادا کرتی دکھائی دے رہی ہے، انہوں نے کہا کہ شہر کے مصروف علاقوں خصوصاً جناح روڈ، سرکلر روڈ، عدالت روڈ اور ملحقہ بازاروں میں کھلے عام منشیات اور شراب کی فروخت جاری ہے جس کے باعث نوجوان نسل تیزی سے اس لعنت کی لپیٹ میں آ رہی ہے جبکہ فٹ پاتھوں پر منشیات کا استعمال معمول بنتا جا رہا ہے جس سے عام شہریوں بالخصوص خواتین اور بچوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، رہنماں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے اس سنگین صورتحال پر قابو پانے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں اور بعض عناصر کی مبینہ سرپرستی کی شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ حکومتی اعلانات کے باوجود عملی اقدامات دکھائی نہیں دیتے جبکہ شام کے اوقات میں شہر کے مختلف علاقوں میں غیر اخلاقی سرگرمیوں میں اضافہ لمحہ فکریہ ہے، انہوں نے کہا

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3پر)

اسلام آباد کی اصل حالت میں بحالی اور تجاوزات کا خاتمہ ترجیح ہے، محسن نقوی

تجاوزات اور قبضہ مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، کسی بھی سرکاری یا نجی ادارے کو سرکاری اراضی پر تعمیرات یا قبضے کی اجازت نہیں دی جائے گی

وزیر داخلہ کی زیر نگرانی تجاوزات کے خلاف آپریشن، میریٹ اور ایوب چوک کے قریب گرین بیلٹ پر قائم ایف سی کیمپ آفس مسمار کر دیا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد کو اصل حالت میں بحال کرنا اور تجاوزات کا مکمل خاتمہ ترجیح ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز آپریشن جاری ہے، میریٹ اور ایوب چوک کے قریب گرین بیلٹ پر قائم ایف سی کیمپ آفس بھی مسمار کر دیا گیا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر نگرانی آپریشن کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں بلا تفریق تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری رہے گا، غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کو بغیر کسی دباؤ مسمار کیا

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3پر)

کوئٹہ، جوائنٹ روڈ پر تجاوزات کے خاتمے کیلئے اہم اقدام، ریڑھی بانوں کی منتقلی کا فیصلہ

شہر میں تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کی بہتری کیلئے ایسے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر زاہد خان خلجی نے جوائنٹ روڈ کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں طویل عرصے سے سڑک کے دونوں اطراف قائم سبزی فروشوں کی ریڑھیوں کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی تھی دورے کے دوران ایڈمنسٹریٹر نے موقع پر موجود عملے کو ہدایت جاری کی کہ تمام ریڑھی بانوں کو سڑک سے ہٹا کر ایک مخصوص مقام پر منتقل کیا جائے، تاکہ ٹریفک کے نظام کو بہتر بنایا جا سکے اور شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت فراہم ہو حکام کے مطابق اس اقدام کے تحت ریڑھیوں کو باقاعدہ پوائنٹ مختص کر کے وہاں منتقل کیا جا رہا ہے، جبکہ موقع پر موجود عملے نے کارروائی کا آغاز بھی کر دیا۔ اس دوران متعلقہ ریلوے عملہ بھی موجود تھا، جنہیں انتظامی معاملات میں شامل کیا گیا ایڈمنسٹریٹر کا کہنا تھا کہ شہر میں تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کی بہتری کیلئے ایسے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، تاکہ شہریوں کو ایک منظم اور بہتر ماحول فراہم کیا جا سکے۔ کوئٹہ میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر زاہد خان خلجی نے جوائنٹ روڈ کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں طویل عرصے سے سڑک کے دونوں اطراف قائم سبزی فروشوں کی ریڑھیوں کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی تھی دورے کے دوران ایڈمنسٹریٹر نے موقع پر موجود عملے کو ہدایت جاری کی کہ تمام ریڑھی بانوں کو سڑک سے ہٹا کر ایک مخصوص مقام پر منتقل کیا جائے، تاکہ ٹریفک کے نظام کو بہتر بنایا جا سکے اور شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت فراہم ہو حکام کے

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3پر)